رواه ابو يعلى واحمد ورجاله ثقات، مجمع الزوائد 23/3

*Hazrat Anas Bin Malik* رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala jab kisi bande ko jismaani beemari mein mubtela karte hain to Allah Ta'ala farishte ko hukm dete hain ke is bande ke wohi sab naik amaal likhte raho jo ye (tandrusti ke zamaane) mein kiya karta tha. Phir agar isko shifa dete hain to ise (gunahon se) dhokar paak saaf farmadete hain aur agar iski rooh qabz karlete hain to iski maghfirat farmate hain aur is par rahem farmate hain. [Abu Ya'la, Majma Al-Zawa'id]

26. عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنًا، فَحَمِدَنِي عَلَى مَا ابْتَلَيْتُهُ فَأَجْرُوا لَهُ مَا كُنْتُمْ تُجْرُونَ لَهُ وَهُوَ صَحِيحٌ. رواه احمد والطبرانى فى الكبير والاوسط كلهم من رواية اسماعيل بن عياش عن راشد الصنعانى وهو

ضعيف فى غير الشاميين وفى الحاشية: راشدين داؤد شامى فرواية اسماعيل عنه صحيحة، مجمع الزوائد 33/3

*Hazrat Shaddad Bin Aaos* رضي الله عنه *Rasool Allah* ﷺ *se hadees qudsi mein apne Rabb ka ye irshaad naql karte hain:* Apne bandon mein kisi momin bande ko (kisi musibat, pareshani, beemari waghaira mein) mubtela karta hoon aur woh meri taraf se bheji hui

pareshani par (raazi rehte hue) meri hamd wa sana karta rehta hai to (mai farishton ko hukm deta hoon ke) iske in tamaam naik amaal ka sawaab waise hi likhte raho jaisa ke tum iski tandrusti ki halat mein likha karte the. [Musnad Ahmad, Majma Al-Zawa'id]

27. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا يَزَالُ الْمَلِيلَةُ وَالصُّدَاعُ بِالْعَبْدِ وَالْأَمَةِ، وَإِنَّ عَلَيْهِمَا مِنَ الْخَطَايَا مِثْلَ أُحُدٍ، فَمَا يَدَعُهُمَا وَعَلَيْهِمَا مِثْقَالُ خَرْدَلَةٍ.

رواه ابو يعلى ورجاله ثقات، مجمع الزوائد 29/3

*Hazrat Abu Huraira* ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Kisi musalman bande aur bandi par musalsil rehne waala anduruni bukhaar ya sar ka dard inke gunaahon mein se raee ke daane ke barabar bhi kisi gunah ko nahi chordte agarcha inke gunah ohad pahaad ke barabar ho.

[Abu Ya'la, Majma Al-Zawa'id]

28. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: صُدَاعُ الْمُؤْمِنِ، أَوْ شَوْكَةٌ يُشَاكُهَا، أَوْ شَيْءٌ يُؤْذِيهِ، يَرْفَعُهُ اللهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ دَرَجَةً، وَيُكَفِّرُ بِهَا عَنْهُ ذُنُوبَهُ.

رواه ابن ابي الدنيا ورواته ثقات، الترغيب 297/4

*Hazrat Abu Sayeed Khudri* ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Momin ke sar ka dard aur wo kaanta jo ise chubta hai ya aur koi cheez ise takleef deti hai Allah Ta'ala qayamat ke din iski wajha se is momin ka ek darja buland farmayenge aur is takleef ke ba'as uske gunahon ko mu'af farmayenge. [Ibn Abi Duniya, Targheeb]

29. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: مَا مِنْ عَبْدٍ يُصْرَعُ مِنْ مَرَضٍ إِلَّا بَعَثَهُ اللهُ مِنْهُ طَاهِرًا.

رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات، مجمع الزوائد 31/3

*Hazrat Abu Umama Bahli* ﷺ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo banda beemari ki wajha se (Allah Ta'ala ki taraf mutawajah hokar) gid gidata hai to Allah Ta'ala isko beemari se is haal mein shifa ataa farmayenge ke wo gunahon se bilkul paak saaf hoga. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

30. عَنِ الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللهُ مُرْسَلًا مَرْفُوعًا قَالَ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُكَفِّرُ عَنِ الْمُؤْمِنِ خَطَايَاهُ كُلَّهَا بِحُمَّى لَيْلَةٍ. رواه ابن ابى الدنيا وقال ابن المبارك عقب رواية له انه من جيد الحديث ثم قال وشوا هده كثيرة يؤ كد بعضها بعضا، اتحاف 526/9

*Hazrat Hasan* ؒ *Nabi Kareem* ﷺ *ka irshaad naql karte hain ke* Allah Ta'ala ek raat ke bukhaar se momin ke saare gunahon ko mu'af farmadete hain. [Ibn Abi Duniya, Itehaf]



31. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: قَالَ اللهُ تَعَالَى: إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنَ، وَلَمْ يَشْكُنِي إِلَى عُوَّادِهِ أَطْلَقْتُهُ مِنْ أَسَارِي، ثُمَّ أَبْدَلْتُهُ لَحْمًا خَيْرًا مِنْ لَحْمِهِ، وَدَمًا خَيْرًا مِنْ دَمِهِ، ثُمَّ يَسْتَأْنِفُ الْعَمَلَ. رواه الحاكم وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه ووافقه الذهبي 349/1

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *Rasool Allah* ﷺ *se hadees qudsi mein Allah Ta'ala ka ye irshaad naql farmate hain:* Jab apne momin bande ko (kisi beemari mein) mubtela karta hoon phir wo apni ayadat karne waalon se meri shikayat nahi karta to mai ise apni qaid se azaad kardeta hoon yani iske gunah mu'af kardeta hoon. Phir ise is ke gosht se behtar gosht deta hoon aur iske khoon se behtar khoon deta hoon yani isko tandrusti de deta hoon phir ab wo dobara (beemari se uthne ke baad) naye sirey se amal karna shuru karta hai (kyunke pichle tamaam gunah mu'af hochuke hote hain). [Mustadrak Hakim]

32. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ وُعِكَ لَيْلَةً فَصَبَرَ، وَرَضِيَ بِهَا عَنِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ. رواه ابن ابى الدنيا فى كتاب الرضا وغيره، الترغيب 299/4

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jis shakhs ko ek raat bukhaar aaye aur wo sabr kare aur is bukhaar ke bawajood Allah Ta'ala se raazi rahe to wo apne gunahon se is tarah paak saaf hojayega jaisa ke is din tha jis din iski maa ne isko janaa tha. [Ibn Abi Duniya, Targheeb]

33. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَنْ أَذْهَبْتُ حَبِيبَتَيْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ لَمْ أَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ.

رواه الترمذی وقال : هذا حديث حسن صحيح، باب ماجاء فی ذهاب البصر، رقم : 2401

*Hazrat Abu Huraira ؓ Rasool Allah ﷺ se hadees qudsi mein apne Rabb ka irshaad-e-mubarak naql farmate hain:* Jis bande ki mai do mehboob tareen chezein yani ankhein le loon aur wo is par sabr kare aur ajar wa sawaab ki umeed rakhe to mai iske liye jannat se kam badla per raazi nahi honga. [Tirmizi]

34. عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ أَوْ سَافَرَ كُتِبَ لَهُ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ مُقِيمًا صَحِيحًا.

رواه البخاری، باب يكتب للمسافر....، رقم : 2996

*Hazrat Abu Moosa ؓ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ* ne *irshaad farmaya:* Jab banda beemar padh jaata hai ya safar par jaata hai to iske liye us jaise amaal ka ajar wa sawaab likha jaata hai jo amaal wo tandrusti ya ghar mein qayaam ki halat mein kiya karta tha. [Bukhari]

35. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: التَّاجِرُ الصَّدُوقُ الْأَمِينُ مَعَ النَّبِيِّينَ، وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ.

رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن، باب ماجاء فی التجار....، رقم : 1209

*Hazrat Abu Sayeed ؓ riwayat karte hain ke Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya:* Poori sachchayi aur amanatdari ke saath karobar karne waala taajir anbiya sadiqeen aur shohda ke saath hoga. [Tirmizi]

36. عَنْ رِفَاعَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا إِلَّا مَنِ اتَّقَى اللهَ وَبَرَّ، وَصَدَقَ.

رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن، باب ماجاء فی التجار....، رقم: 1210

*Hazrat Rafa'a ؓ se riwayat hai ke Nabi Kareem ﷺ ne irshaad farmaya:* Taajir log qayamat ke din gunhagaar uthaye jayenge siwaye in taajiron ke jinhon ne apni tijarat mein parhezgaari ikhtiyaar ki yani khyanat aur fareb dahi waghaira mein mubtela nahi hue aur naiki ki yani apne tijaarti muamlaat mein logon ke saath achcha salook kiya aur sach par qayam rahe. [Tirmizi]

37. عَنْ أُمِّ عُمَارَةَ ابْنَةِ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيَّةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَلَيْهَا فَقَدَّمَتْ إِلَيْهِ طَعَامًا. فَقَالَ: كُلِي. فَقَالَتْ: إِنِّي صَائِمَةٌ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ الصَّائِمَ تُصَلِّي عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ إِذَا أُكِلَ عِنْدَهُ حَتَّى يَفْرُغُوا، وَرُبَّمَا قَالَ: حَتَّى يَشْبَعُوا.

رواه الترمذی وقال: هذا حدیث حسن، باب ماجاء فی فضل الصائم اذا کل عنده، رقم : 785

*Hazrat Ka'ab* ؓ *ki sahebzaadi Um Amarah Ansariya* ؓ *se riwayat hai ke* Nabi Kareem ﷺ inke yahan tashreef laye. Inhone Aap ki khidmat mein khaana pesh kiya. *Aap* ﷺ *ne in se farmaya:* Tum bhi khao. *Inho ne arz kiya:* Mera roza hai. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jab rozedaar ke saamne khaana khaya jaata hai to khaane waalon ke farig hone tak farishte is rozedaar ke liye rehmat ki dua karte rehte hain. [Tirmizi]

38. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ شَجَرَةً كَانَتْ تُؤْذِي الْمُسْلِمِينَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَطَعَهَا. فَدَخَلَ الْجَنَّةَ.

رواه مسلم، باب فضل ازالة الاذی عن الطریق، رقم : 6672

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ek darkht musalmanon ko takleef deta tha. Ek shakhs ne aakar ise kaat diya to wo (is amal ki wajha se) jannat mein daakhil hogaya. [Muslim]

39. عَنْ أَبِي ذَرٍّ ؓ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَهُ: انْظُرْ، فَإِنَّكَ لَيْسَ بِخَيْرٍ مِنْ أَحْمَرَ وَلَا أَسْوَدَ إِلَّا أَنْ تَفْضُلَهُ بِتَقْوَى.

رواه احمد 158/5

*Hazrat Abu Zarr* ؓ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne in se irshaad farmaya:* Dekho! tum apne zaat se na kisi gore se behtar ho na kisi kaale se albatta tum taqwa ki wajha se afzal hosakte ho. [Musnad Ahmad]

40. عَنْ ثَوْبَانَ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ لَوْ جَاءَ أَحَدَكُمْ فَسَأَلَهُ دِينَارًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَهُ دِرْهَمًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَهُ فِلْسًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ لَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، ذِي طِمْرَيْنِ، لَا يُؤْبَهُ لَهُ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ.

رواه الطبرانی فی الاوسط ورجال الصحیح، مجمع الزوائد 466/10

*Hazart Sauban ؓ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Meri ummat mein kuch log aise hain ke in mein se koi shakhs tum mein se kisi ke paas aaye aur deenar maange to who isko na de, agar ek darham maange to wo bhi na de aur agar ek paisa maange to wo isko ek paisa tak na de (lekin Allah Ta'ala ke haan iska ye muqaam hai ke) agar Allah Ta'ala se jannat maangle to Allah Ta'ala isko jannat de dein. (Is shakhs ke badan par sirf) do puraani chadarein ho, iski bilkul parwah na ki jaati ho (lekin) agar wo Allah Ta'ala (ke bharose par) qasm kha baithe to Allah Ta'ala zaroor iski qasm ko poora kardein.

[Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

# حسن اخلاق

# HUSN-E-AKHLAAQ

## AYAAT QUR'ANIA

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ﴾ [الحجر ٨٨]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka apne Rasool Allah ﷺ se khitaab hai:*** *Aur musalmanon par shafaqat rakhiye.* [Al-Hijr]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ [آل عمران ١٣٣-١٣٤]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur apne Rabb ki bakhshish ki taraf dau'do aur neiz is jannat ki taraf jis ki chau'daayi aisi hai jaise aasmanon ka aur zameenon ka phelao jo Allah Ta'ala se darne waalon keliye tayaar ki gayi hai (yani un aala darja ke musalmanon keliye hain) jo khush haali aur tangdusti donon halaaton mein naik kaamon mein kharch karte rehte hain aur gusse ko zabt karne waale hain aur logon ko mu'af karne waale hain aur Allah Ta'ala aise naik logon ko pasand karte hain.* [Al-Imran]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا﴾ [الفرقان ٦٣]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur rehman ke (khaas) bande wo hain jo zameen par ajeezi ke saath chalte hain.* [Al-Furqan]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَجَزَٰٓؤُاْ سَيِّئَةٖ سَيِّئَةٞ مِّثۡلُهَاۖ فَمَنۡ عَفَا وَأَصۡلَحَ فَأَجۡرُهُۥ عَلَى ٱللَّهِۚ إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ﴾ [الشورى ٤٠]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *(Aur barabar ka badla lene keliye humne ijazat de rakhi hai ke) buraayi ka badla to isi tarah ki buraayi hai (lekin is ke bawajud) jo shakhs darguzar kare aur (bahmi muamla ki ) islaah karle (jisse dushmaani khatm hojaye aur dosti hojaye ke ye mu'afi se badhkar hai) to i ka sawaab Allah Ta'ala ke zimme hai (aur jo badla lene mein ziyadti karne lage to sunle ke) waqeyi Allah Ta'ala zaalimon ko pasand nahi karte.* [Ash-Shuara'a]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَإِذَا مَا غَضِبُواْ هُمۡ يَغۡفِرُونَ﴾ [الشورى ٣٨]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Aur jab gussa hote hain to mu'af kardete hain.* [Ash-Shuara'a]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَلَا تُصَعِّرۡ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمۡشِ فِي ٱلۡأَرۡضِ مَرَحًاۖ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخۡتَالٖ فَخُورٖ ۝ وَٱقۡصِدۡ فِي مَشۡيِكَ وَٱغۡضُضۡ مِن صَوۡتِكَۚ إِنَّ أَنكَرَ ٱلۡأَصۡوَٰتِ لَصَوۡتُ ٱلۡحَمِيرِ﴾

[لقمن ١٨-١٩]

TARJUMA: *Hazrat Luqmaan ne apne bete ko nasihat ki: Aur (beta) logon se berukhi ka bartao na kiya karo aur zameen par mutakbarana chaal se na chala karo. Beshak Allah Ta'ala kisi takkabur karne waale, shekhi marne waale ko pasand nahi karte. Aur apni chaal mein ahtedaal ikhtiyaar karo aur (bolne mein) apni awaaz ko past karo yani shor mat machao (agar oonchi awaaz se bolna hi koi kamaal hota to gadhe ki awaaz achchi hoti jab ke) awaazon mein sabse buri awaaz gadhon ki hai.* [Luqman]

## AHADEES-E-NABIWIYAH

**41.** عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ.

رواه ابو داؤد، باب فی حسن الخلق، رقم: 4798

*Hazrat Ayesha* ᵓ *farmati hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko irshaad farmate hue suna:* Momin apne achche akhlaaq ki wajha se roza rakhne waale aur raat bhar ibadat karne waale ke darje ko haasil karleta hai. [Abu Dawood]

**42.** عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِكُمْ.

رواه احمد 472/2

*Hazrat Abu Huraira* رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Imaan waalon mein kaamil tareen momin wo hai jiske akhlaaq sabse achche ho aur tum mein se wo log sabse behtar hain jo apni biwiyon ke saath (bartao mein) sabse achcha ho. [Musnad Ahmad]

**43.** عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ.

رواه الترمذی وقال: هذا حدیث حسن، باب فی استکمال الایمان....، رقم: 2612

*Hazrat Ayesha* ᵓ *riwayat karti hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Kaamil tareen Imaan waalon mein se wo shakhs hai jiske akhlaaq sabse achche ho aur jiska bartao apne ghar waalon ke saath sabse zyada narm ho. [Tirmizi]

**44.** عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: عَجِبْتُ لِمَنْ يَشْتَرِي الْمَمَالِيكَ بِمَالِهِ ثُمَّ يُعْتِقُهُمْ كَيْفَ لَا يَشْتَرِي الْأَحْرَارَ بِمَعْرُوفِهِ؟ فَهُوَ أَعْظَمُ ثَوَابًا.

رواه الغنائم النرسی فی قضاء الحوائج وهو حدیث حسن، الجامع الصغیر 149/2

*Hazrat Abdullah Bin Omer* ᵓ *riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Mujhe ta'jub hai is shakhs par jo apne maal se to ghulamon ko khareedta hai phir inko azaad karta hai wo

bhalayi ka muamla karke azaad aadmiyon ko kyun nahin khareedta jabke iska sawaab bahut zyada hai? (yani jab wo logon ke saath husn sulook karega to log iske ghulam banjayenge.

45. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ، وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ، وَإِنْ كَانَ مَازِحًا، وَبِبَيْتٍ فِي أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ.

رواه ابو داود، باب فى حسن الخلق، رقم: 4800

*Hazrat Abi Umama* ﷺ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai is shakhs keliye jannat ke atraaf mein ek ghar (dilaane) ki zimedari leta hoon jo haq par hone ke bawajud bhi jhagda chorde aur is shakhs keliye jannat ke darmiyaan mein ek ghar (dilaane) ki zimedari leta hoon jo mazaaq mein bhi jhoot chorde aur is shakhs keliye jannat ke buland tareen darje mein ek ghar (dilaane) ki zimedari leta hoon jo apne akhlaaq achche banale. [Abu Dawood]

46. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ لَقِيَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ بِمَا يُحِبُّ لِيَسُرَّهُ بِذَلِكَ سَرَّهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رواه الطبرانى فى الصغير واسناده حسن، مجمع الزوائد 353/8،

*Hazrat Anas Bin Malik* ﷺ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs apne musalman bhai ko khush karne keliye is tarah milta hai jis tarah Allah Ta'ala pasand farmate hain (maslan khanda peshaani ke saath) to Allah Ta'ala qayamat ke din ise khush kardenge. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

47. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: إِنَّ الْمُسْلِمَ الْمُسَدِّدَ لَيُدْرِكُ دَرَجَةَ الصَّوَّامِ الْقَوَّامِ بِآيَاتِ اللهِ، بِحُسْنِ خُلُقِهِ، وَكَرَمِ ضَرِيبَتِهِ.

رواه احمد 177/2

*Hazrat Abdullah Bin Amr* " *farmate hain ke maine Rasool* Allah ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Wo musalman jo shariat par amal karne waala ho apni tabiyat ki sharafat aur apne achche akhlaaq

ki wajha se is shakhs ke darje ko paaleta hai jo raat ko namaz mein bahut zyada Qur'an Kareem padhne waala aur bahut roze rakhne waala ho. [Musnad Ahmad]

48. عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ.

رواه ابو داؤد، باب فی حسن الخلق، رقم: 4799

*Hazrat Abu Darda* رضي الله عنه *se riwayat hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* (Qayamat ke din) momin ke tarazu mein achche akhlaaq se zyada bhaari koi cheez nahi hogi. [Abu Dawood]

49. عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضي الله عنه قَالَ: آخِرُ مَا أَوْصَانِي بِهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ وَضَعْتُ رِجْلِي فِي الْغَرْزِ أَنْ قَالَ لِي: أَحْسِنْ خُلُقَكَ لِلنَّاسِ مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ.

رواه الامام مالك فی الموطا، ماجاء فی حسن الخلق ص 704

*Hazrat Mu'az Bin Jabal* رضي الله عنه *se riwayat hai ke* aakhri nasihat jo Rasool Allah ﷺ ne mujhe farmayi jis waqt maine apna paon rikaab mein rakhliya tha wo ye thi: Mu'az! Apne akhlaaq ko logon ke liye achcha banao. [Motta Imam Malik]

50. عَنْ مَالِكٍ رَحِمَهُ اللهُ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ حُسْنَ الْأَخْلَاقِ.

رواه الامام مالك فی الموطا، ماجاء فی حسن الخلق ص 705

*Hazrat Imaam Malik" farmate hain mujhe ye hadees pahunchi hai ke Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai achche akhlaaq ko mukkamil karne keliye bheja gaya hoon. [Motta Imam Malik]

51. عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا.

(الحديث) رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن غريب، باب ماجاء فی معالی الاخلاق، رقم: 2018

*Hazrat Jaber* رضي الله عنه *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Tum sab mein se mujhe zyada mehboob aur qaymat ke din mere sabse qareeb wo log honge jinke akhlaaq zyada achche honge. [Tirmizi]

52. عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ، فَقَالَ: الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ.

رواه مسلم، باب تفسير البر و الاثم، رقم : 6516

*Hazrat Nawas Bin Samaan Ansari ﷺ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ se naiki aur gunah ke baare mein poocha: Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Naiki achche akhlaaq ka naam hai aur gunah wo hai jo tumhare dil mein khatke aur tumhe ye baat na pasand ho ke logon ko iski khabr ho. [Muslim]

53. عَنْ مَكْحُولٍ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: الْمُؤْمِنُونَ هَيِّنُونَ لَيِّنُونَ، كَالْجَمَلِ الْأَنِفِ، إِنْ قِيدَ انْقَادَ، وَإِنْ أُنِيخَ عَلَى صَخْرَةٍ اسْتَنَاخَ.

رواه الترمذى مرسلا، مشكوة المصابيح، رقم : 5086

*Hazrat Mak'hool" riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Imaan waale log Allah Ta'ala ka bahut hukm maan'ne waale aur nihayat narm tabiyat hote hain jaise tabedar ount jidhar isko chalaya jaata hai chala jaata hai aur agar isko kisi chattaan par bitha diya jaata hai to is par baith jaata hai. [Tirmizi]

FAIDA: Matlab ye hai ke chattaan par baithna bahut mushkil hai magar iske bawajud bhi wo apne malik ki baat maan kar is par baith jaata hai.

54. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ أَوْ بِمَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ؟ عَلَى كُلِّ قَرِيبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن غريب، باب فضل كل قريب هين سهل، رقم : 2488

*Hazrat Abdullah Bin Masood ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Kya mai tumhe na bataon ke wo shakhs kaun hai jo aag par haraam hoga aur jis par aag haraam hogi? (Suno mai batata hoon) dozakh ki aag haraam hai har aise shakhs par jo logon se qareeb hone waala, nihayat narm mizaaj aur narm tabiyat ho. [Tirmizi]

**FAIDA:** Logon se qareeb hone waale se muraad wo shakhs hai jo narm khoi ki wajha se logon se khoob milta julta ho aur log bhi iski achchi khaslat ki wajha se isse betakaluf aur mohabbat se milte ho.

.55 عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ أَخِي بَنِي مُجَاشِعٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوا حَتَّى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ وَلَا يَبْغِ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ.

(وهو جزء من الحديث) رواه مسلم، باب الصفات التي يعرف بها في الدنيا..... رقم : 7210

*Qabeela Nabi Majasha ke Hazrat Ayaaz Bin Hamaar رضي الله عنه se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala ne meri taraf is baat ki wahi farmayi hai ke tum log is qadr tawaza ikhtiyaar karo yahan tak ke koi kisi par fakhr na kare aur koi kisi par zulm na kare. [Muslim]

.56 عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللهُ، فَهُوَ فِي نَفْسِهِ صَغِيرٌ، وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيمٌ، وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللهُ، فَهُوَ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيرٌ، وَفِي نَفْسِهِ كَبِيرٌ، حَتَّى لَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِمْ مِنْ كَلْبٍ أَوْ خِنْزِيرٍ.

رواه البيهقي في شعب الايمان 276/6

*Hazrat Omer رضي الله عنه farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs Allah Ta'ala (ki raza haasil karne) keliye tawaza ko ikhtiyaar karta hai Allah Ta'ala isko buland farmate hain jiska nateeja ye hota hai ke wo apne khayal aur apni nigaah mein to chota hota hai lekin logon ki nigaah mein ooncha hota hai. Aur jo takkabur karta hai Allah Ta'ala isko gira dete hain jiska nateeja ye hota hai ke wo logon ki nigaahon mein chota hojata hai agarcha khud apne khayal mein bada hota hai lekin dusron ki nazaron mein kutte aur khanzir se bhi zyada zaleel hojata hai. [Baihaqi]

.57 عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ.

رواه مسلم، باب تحريم الكبر وبيانه، رقم : 276

*Hazart Abdullah* ﷺ *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Woh shakhs jannat mein nahi jayega jiske dil mein zara barabar bhi takkabur ho. [Muslim]



58. عَنْ مُعَاوِيَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

رواه الترمذی وقال: هذا حدیث حسن، باب ماجاء فی كراهية قيام الرجل للرجل، رقم : 2755

*Hazrat Mawiya* ﷺ *farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs is baat ko pasand karta ho ke log is (ki ta'zeem) keliye khade rahe wo apna thikana jahanum mein banale. [Tirmizi]

FAIDA: Is wa'eid ka ta'looq is surat se hai ke jab koi aadmi khud ye chaahe ke log iski ta'zeem keliye khade ho lekin agar koi khud bilkul na chaahe magar dusre log akraam wa mohabbat ke jazbe mein iske liye khade hojaye to ye aur baat hai.

59. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمْ يَكُنْ شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: وَكَانُوا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُومُوا لِمَا يَعْلَمُونَ مِنْ كَرَاهِيَتِهِ لِذَلِكَ. رواه الترمذی وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب، باب ماجاء فی كراهية قيام الرجل للرجل، رقم : 2754

*Hazrat Anas* ﷺ *se riwayat hai ke* sahaba ke nazdeek koi shakhs bhi Rasool Allah ﷺ se zyada mehboob nahi tha. Iske bawajud wo Rasool Allah ﷺ ko dekh kar khade nahi hote the kyunke wo jaante the Aap ﷺ isko na pasand farmate the. [Tirmizi]

60. عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَابُ بِشَيْءٍ فِي جَسَدِهِ، فَيَتَصَدَّقُ بِهِ، إِلَّا رَفَعَهُ اللهُ بِهِ دَرَجَةً، وَحَطَّ عَنْهُ بِهِ خَطِيئَةً.

رواه الترمذی وقال: هذا حديث غريب، باب ماجاء فی العفو، رقم : 1393

*Hazrat Abu darda'a* ؓ *se riwayat hai maine Rasool Allah* ﷺ ko *ye irshaad farmate hue suna:* Jis shakhs ko bhi (kisi ki taraf se) jismaani takleef pahunche phir wo isko mu'af karde to Allah Ta'ala iski wajha se ek darja buland farmadete hain aur ek gunah mu'af farmadete hain. [Tirmizi]



61. عَنْ جُودَانَ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنِ اعْتَذَرَ إِلَى أَخِيهِ بِمَعْذِرَةٍ، فَلَمْ يَقْبَلْهَا، كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ خَطِيئَةِ صَاحِبِ مَكْسٍ. رواه ابن ماجه، باب المعاذير، رقم : 3718

*Hazrat Judaan* ؓ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs apne musalman bhai ke saamne azr pesh karta hai aur wo iske azr ko qubool nahi karta to isko aisa gunah hoga jaisa na haq tax wasool karne waale ka gunah hota hai. [Ibn Ma'jah]

62. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: قَالَ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا رَبِّ! مَنْ أَعَزُّ عِبَادِكَ عِنْدَكَ؟ قَالَ: مَنْ إِذَا قَدَرَ غَفَرَ. رواه البيهقى فى شعب الايمان 319/6

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *riwayat hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya: Hazrat Moosa Bin Imran* ؑ *ne Allah Ta'ala ki bargah mein arz kiya:* Ae mere Rabb! Aapke bandaon mein Aapke nazdeek zyada izzat waala kaun hai? *Allah Ta'ala ne irshaad farmaya:* Wo banda jo badla le sakta ho aur phir mu'af karde. [Baihaqi]

63. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ! كَمْ أَعْفُو عَنِ الْخَادِمِ؟ فَصَمَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ ﷺ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ! كَمْ أَعْفُو عَنِ الْخَادِمِ؟ قَالَ: كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً.

رواه الترمذى وقال: هذا حديث حسن غريب، باب ماجاء فى العفو عن الخادم، رقم : 1949

*Hazrat Abdullah Bin Omer* ؓ *se riwayat hai ke ek sahab Nabi Kareem* ﷺ *ki khidmat mein hazir hue aur arz kiya:* Ya Rasool Allah! Mai (apne) khadim ki galti ko kitni martaba mu'af karoon? Aap ﷺ khamosh rahe. *Inhone phir wohi arz kiya:* Ya Rasool Allah! Mai (apne) khadim ko kitni martaba mu'af karoon? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Rozana sattar(70) martaba. [Tirmizi]

.64 عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ رَجُلًا كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَتَاهُ الْمَلَكُ لِيَقْبِضَ رُوحَهُ فَقِيلَ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ. قِيلَ لَهُ: انْظُرْ. قَالَ: مَا أَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَأُجَازِيهِمْ فَأُنْظِرُ الْمُوسِرَ وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ. فَأَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ. رواه البخاري، باب ماذكر عن بني اسرائيل، رقم: 3451

*Hazrat Huzaifa* ﷺ *farmate hain ke maine Rasool Allah ko irshaad farmate hue suna:* Tum se pehle kisi ummat mein ek admi tha. Jab maut ka farishta iski rooh qabz karne aaya (aur rooh qabz hone ke baad wo is duniya se dusre aalam ki taraf muntaqil hogaya) to isse poocha gaya ke to ne duniya mein koi naik amal kiya tha? *Isne arz kiya:* Mere ilm mein mera koi (aisa) amal nahi hai. Isse kaha gaya ke (apni zindagi par) nazar daal (aur ga'ur kar) I*sne phir arz kiya:* Mere ilm mein mera koi (aisa) amal nahi hai siwaye iske ke mai duniya mein logon ke saath khareed wa farokht aur lain dain ka muamla kiya karta tha jis mein, mai daulatmand ko mahulat deta tha aur tangduston ko mu'af kardeta tha to Allah Ta'ala ne is shakhs ko jannat mein dakhil farmadiya. [Bukhari]

.65 عَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُنْجِيَهُ اللهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ أَوْ يَضَعْ عَنْهُ. رواه مسلم، باب انظار المعسر...، رقم: 4000

*Hazrat Abu Qatada* ﷺ *farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs ye chahta hai ke Allah Ta'ala isko qayamat ke din ki takleefon se bachale to isko chahiye ke tangdust ko ( jis par iska qarz waghaira ho) mahulat de de ya (apna poora mutalba ya is ka kuch hissa) mu'af karde. [Muslim]

.66 عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَشْرَ سِنِينَ بِالْمَدِينَةِ، وَأَنَا غُلَامٌ لَيْسَ كُلُّ أَمْرِي كَمَا يَشْتَهِي صَاحِبِي أَنْ أَكُونَ عَلَيْهِ، مَا قَالَ لِي فِيهَا: أُفٍّ قَطُّ، وَمَا قَالَ لِي: لِمَ فَعَلْتَ هَذَا، أَمْ أَلَّا فَعَلْتَ هَذَا. رواه ابو داؤد، باب في الحلم واخلاق النبي ﷺ، رقم: 4774

**.64** عَنْ حُذَيْفَةَ ؓ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ رَجُلًا كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَتَاهُ الْمَلَكُ لِيَقْبِضَ رُوحَهُ فَقِيلَ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ، قِيلَ لَهُ: انْظُرْ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَأُجَازِيهِمْ فَأُنْظِرُ الْمُوسِرَ وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ، فَأَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ. رواه البخاري، باب ماذكر عن بنى اسرائيل، رقم : 3451

*Hazrat Huzaifa* ؓ *farmate hain ke maine Rasool Allah ko irshaad farmate hue suna:* Tum se pehle kisi ummat mein ek admi tha. Jab maut ka farishta iski rooh qabz karne aaya (aur rooh qabz hone ke baad wo is duniya se dusre aalam ki taraf muntaqil hogaya) to isse poocha gaya ke to ne duniya mein koi naik amal kiya tha? *Isne arz kiya:* Mere ilm mein mera koi (aisa) amal nahi hai. Isse kaha gaya ke (apni zindagi par) nazar daal (aur ga'ur kar) I*sne phir arz kiya:* Mere ilm mein mera koi (aisa) amal nahi hai siwaye iske ke mai duniya mein logon ke saath khareed wa farokht aur lain dain ka muamla kiya karta tha jis mein, mai daulatmand ko mahulat deta tha aur tangduston ko mu'af kardeta tha to Allah Ta'ala ne is shakhs ko jannat mein dakhil farmadiya. [Bukhari]

**.65** عَنْ أَبِي قَتَادَةَ ؓ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُنْجِيَهُ اللهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ أَوْ يَضَعْ عَنْهُ. رواه مسلم، باب انظار المعسر.... رقم : 4000

*Hazrat Abu Qatada* ؓ *farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs ye chahta hai ke Allah Ta'ala isko qayamat ke din ki takleefon se bachale to isko chahiye ke tangdust ko ( jis par iska qarz waghaira ho) mahulat de de ya (apna poora mutalba ya is ka kuch hissa) mu'af karde. [Muslim]

**.66** عَنْ أَنَسٍ ؓ قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَشْرَ سِنِينَ بِالْمَدِينَةِ، وَأَنَا غُلَامٌ لَيْسَ كُلُّ أَمْرِي كَمَا يَشْتَهِي صَاحِبِي أَنْ أَكُونَ عَلَيْهِ، مَا قَالَ لِي فِيهَا: أُفٍّ قَطُّ، وَمَا قَالَ لِي: لِمَ فَعَلْتَ هَذَا، أَمْ أَلَّا فَعَلْتَ هَذَا. رواه ابو داود، باب فى الحلم واخلاق النبى ﷺ، رقم : 4774

*Hazrat Anas* ؓ *farmate hain ke* maine madine mein dus saal Nabi Kareem ﷺ ki khidmat ki. Mai nau-umar ladka tha isliye mere saare kaam Rasool Allah ﷺ ki marzi ke mutabiq nahi ho paate the yani nau-umri ki wajha se mujhse bahut si kotahiyaan bhi hojati thi. (Lekin dus saal ki is mudat mein) kabhi Aap ﷺ ne mujhe uff tak nahi farmaya, Aur na kabhi ye farmaya ke tum ne ye kyun kiya, ya ye kyun na kiya. [Abu Dawood]

67. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: أَوْصِنِي، قَالَ: لَا تَغْضَبْ، فَرَدَّدَ مِرَارًا، قَالَ: لَا تَغْضَبْ.

رواه البخاری، باب الحذر من الغضب، رقم: 6116

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *se riwayat hai ke* ek shakhs ne Nabi Kareem ﷺ se arz kiya ke mujhe koi waseeyat farmadijiye. *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Gussa na kiya karo. Is shakhs ne apni (wohi) darkhuwast kayi baar dauhrayi. *Aap* ﷺ *ne har martaba yahi irshaad farmaya:* Gussa na kiya karo. [Bukhari]

68. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؓ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ.

رواه البخاری، باب الحذر من الغضب، رقم: 6114

*Hazrat Abu Huraira* ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Taqatwar wo nahi hai jo (apne muqabal ko) pachadh de balke taqatwar wo hai jo gusse ki haalat mein apne aap par qaabu paale. [Bukhari]

69. عَنْ أَبِي ذَرٍّ ؓ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ لَنَا: إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ، فَإِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَإِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ.

رواه ابو داؤد، باب مایقال عند الغضب، رقم: 4782

*Hazrat Abu Zarr* ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ ne *irshaad farmaya:* Jab tum mein se kisi ko gussa aaye aur wo khada ho to isko chahiye ke baith jaye agar baithne se gussa chalajaye (to theek hai) warna isko chahiye ke lait jaye. [Abu Dawood]

**FAIDA:** Hadees shareef ka matlab ye hai ke jis haalat ki tabdeeli se zehan ko sukoon mile is haalat ko ikhtiyaar karna chahiye taake gussa ka nuqsaan kum se kum ho. Baithne ki haalat mein khade hone se kum aur laitne mein baithne se kum nuqsaan ka imkaan hai.

70. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: عَلِّمُوا، وَيَسِّرُوا، وَلَا تُعَسِّرُوا، وَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْكُتْ. رواه احمد 239/1

*Hazrat Ibn Abbas* ** *se riwayat hai ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Logon ko (deen) sikhao aur khushkhabriyan sunao aur dushwariyaan paida na karo. Aur jab tum mein se kisi ko gussa aaye to ise chahiye ke khamoshi ikhtiyaar karle. [Musnad Ahmad]

71. عَنْ عَطِيَّةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَإِنَّ الشَّيْطَانَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ، وَإِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ، فَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ، فَلْيَتَوَضَّأْ.

رواه ابو داؤد، باب مايقال عند الغضب، رقم: 4784

*Hazrat Atiya* رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Gussa shaitan (ke asar se) hota hai. Shaitan ki paidaish aag se hui hai aur aag paani se bujhayi jati hai lehaza jab tum mein se kisi ko gussa aaye to isko chahiye ke wazu karle. [Abu Dawood]

72. عَنِ ابْنِ عُمَرَ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَا تَجَرَّعَ عَبْدٌ جَرْعَةً أَفْضَلَ عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ جَرْعَةِ غَيْظٍ، يَكْظِمُهَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللهِ تَعَالَى. رواه احمد 128/2

*Hazrat Abdullah Bin Omer* ** *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Banda (kisi cheez ka) aisa koi ghunt nahi peeta jo Allah Ta'ala ke nazdeek gusse ka ghunt peene se behtar ho, jisko wo mehaz Allah Ta'ala raza keliye pee jaye. [Musnad Ahmad]

73. عَنْ مُعَاذٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُنْفِذَهُ، دَعَاهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ حَتَّى يُخَيِّرَهُ اللهُ مِنْ أَيِّ الْحُورِ الْعِينِ مَا شَاءَ.

رواه ابو داؤد، باب من كظم غيظا، رقم: 4777

*Hazrat Mu'az* ؓ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs gusse ko pee jaye jabke is mein gusse ke taqaza ko poora karne ki taqat bhi ho (lekin iske bawajood jis par gussa hai isko koi saza na de) Allah Ta'ala qayamat ke din isko saari makhlooq ke saamne bulayenge aur isko ikhtiyaar denge ke jannat ki huraon mein se jis ko chaahe apne liye pasand karle. [Abu Dawood]



74. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ خَزَنَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللهُ عَوْرَتَهُ، وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهُ كَفَّ اللهُ عَنْهُ عَذَابَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنِ اعْتَذَرَ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ قَبِلَ عُذْرَهُ.

رواه البيهقي في شعب الايمان 315/6

*Hazrat Anas Bin Malik* ؓ se *riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs apni zuban ko roke rakhta hai Allah Ta'ala iske ayoob ko chupate hain. Jo shakhs apne gusse ko rokta hai (aur peejata hai) Allah Ta'ala qayamat ke din isse apne azaab ko rokenge aur jo shakhs (apne gunah par nadim ho kar) Allah Ta'ala se muazirat karta hai yani mu'afi chahta hai Allah Ta'ala iske uzr ko qubool farmalete hain. [Baihaqi]

75. عَنْ مُعَاذٍ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِلْأَشَجِّ أَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: إِنَّ فِيكَ لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللهُ: الْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ. (وهو جزء من الحديث) رواه مسلم، باب الامر بالايمان بالله تعالى...، رقم: 117

*Hazrat Mu'az* ؓ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne qabeele abdqais ke sardar Hazrat Ashaj* ؓ *se irshaad farmaya*: Tum mein do khaslatein aisi hain jo Allah Ta'ala ko mehboob hain. Ek hilm yani narmi aur bardasht dusre jald baazi se kaam na kare. [Muslim]

76. عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ، وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ.

رواه مسلم، باب فضل الرفق، رقم: 6601

*Um-al-momineen Hazrat Ayesha* ؓ *farmati hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ayesha! Allah Ta'ala (khud bhi) narm wa meherban hain (aur bandon keliye bhi inke aapas ke muamlaat mein) narmi aur meherbani karna inko pasand hai, narmi par

**Allah Ta'ala jo kuch (ajr-o-sawaab aur maqasid mein kamiyabi) ataa farmate hain wo sakhti par ataa nahi farmate aur narmi ke alawa kisi cheez par bhi ataa nahi farmate.** [Muslim]



**.77** عَنْ جَرِيرٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ.

رواه مسلم، باب فضل الرفق، رقم :6598

*Hazrat Jareer* ﷺ *riwayat karte hain ke Nabi Kareem* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jo shakhs narmi (ki sifat) se mehroom raha wo (saari) bhalayi se mehroom raha. [Muslim]

**.78** عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ، أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ، حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.

رواه البغوى فى شرح السنة 74/13

*Hazrat Ayesha* ﵂ *riwayat karti hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jis shakhs ko (Allah Ta'ala ki taraf se) narmi mein se hissa diya gaya isko duniya wa aakhirat ki bhalayon mein se hissa diya gaya aur jo shakhs narmi ke hisse se mehroom raha wo duniya aur aakhirat ki bhalayion se mehroom raha. [Sharah Al-Sunna]

**.79** عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا يُرِيدُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ بِأَهْلِ بَيْتٍ رِفْقًا إِلَّا نَفَعَهُمْ، وَلَا يَحْرِمُهُمْ إِيَّاهُ إِلَّا ضَرَّهُمْ. رواه البيهقى فى شعب الايمان، مشكاة المصابيح، رقم : 5103

*Hazrat Ayesha* ﵂ *riwayat karti hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala jin ghar waalon ko narmi ki toufeeq dete hain inhe narmi ke zariye nafa pahunchate hain aur jin ghar waalon ko narmi se mehroom rakhte hain inhe iske zariye nuqsaan pahunchate hain. [Baihaqi]

**.80** عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ الْيَهُودَ أَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَقَالُوا: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللهُ وَغَضِبَ اللهُ عَلَيْكُمْ. قَالَ: مَهْلًا يَا عَائِشَةُ! عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ، قَالَتْ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوا؟ قَالَ: أَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قُلْتُ؟ رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِي فِيهِمْ، وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ.

رواه البخارى، باب لم يكن النبى ﷺ فاحشا ولا متفحشا، رقم : 6030

*Hazrat Ayesha* ˚ *se riwayat hai ke kuch yahudi Nabi Kareem* ﷺ *ke paas aaye aur kaha:* السَّامُ عَلَيْكُمْ (jiska matlab hai ke tum par maut aaye) *Hazrat Ayesha* ˚ *farmati hain ke maine jawab mein kaha:* Tum hi ko maut aaye aur tum par Allah ki la'anat aur iska gussa ho. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ayesha! tehro, narmi ikhtiyar karo, sakhti aur badzubani se bacho. *Hazrat Ayesha* ˚ *ne arz kiya:* Aap ne nahi suna inho ne kya kaha? *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Kya tumne nahi suna ke maine iske mein jawab kya kaha? Maine inki baat inhi par lautadi (ke tum hi ko aaye) meri badwa inke haq mein qubool hogi aur inki badwa mere baare mein qubool nahi hogi. [Bukhari]

81. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: رَحِمَ اللهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ، وَإِذَا اشْتَرَى، وَإِذَا اقْتَضَى. رواه البخاری، باب السهولة والسماحة فی الشراء والبیع...، رقم : 2086

*Hazrat Jaber Bin Abdullah* ˚ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Allah Ta'ala ki rehmat ho us bande par jo baichne, kharidne aur apne haq ka taqaza karne aur wasool karne mein narmi ikhtiyaar kare. [Bukhari]

82. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: اَلْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ، وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ، أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ وَلَا يَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ. رواه ابن ماجه، باب الصبر على البلاء، رقم : 4032

*Hazrat Abdullah Bin Omer* ˚ *riwayat karte hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Wo momin jo logon se milta julta ho aur inse pahunchne waali takleefon par sabr karta ho wo is momin se afzal hai jo logon ke saath mail jhol na rakhta ho aur inse pahunchne waali takleefon par sabr na karta ho. [Ibn Ma'jah]

83. عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ. رواه مسلم، باب المؤمن امره كله خير، رقم : 7500

*Hazrat Sohaib ﷺ riwayat karte hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Momin ka maula bhi ajeeb hai iske har muamle aur har haal mein iske liye khair hi khair hai aur ye baat sirf momin hi ko haasil hai. Agar isko koi khushi pahunchti hai is par wo apne Rabb ka shukr adaa karta hai to ye shukr karna iske liye khair ka sabab hai yani is mein ajar hai. Aur agar isse koi takleef pahunchti hai ispar wo sabr karta hai to ye sabr karna bhi iske liye khair ka sabab hai yani is mein bhi ajar hai. [Muslim]



84 . عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَقُولُ : اللّٰهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي.فَأَحْسِنْ خُلُقِي.

رواه احمد 403/1

*Hazrat Ibn Masood ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ye dua kiya karte the:* اللّٰهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي.فَأَحْسِنْ خُلُقِي Ya Allah! Aap ne mere jism ki zaahiri banawat achchi banayi hai mere akhlaaq bhi achche kardijiye. [Musnad Ahmad]

85 . عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :مَنْ أَقَالَ مُسْلِمًا أَقَالَهُ اللهُ عَثْرَتَهُ.

رواه ابو داؤد، باب فى فضل الاقالة، رقم : 3460

*Hazrat Abu Huraira ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Jo shakhs musalman ki baichi ya kharidi hui cheez ki waapsi par raazi hojata hai Allah Ta'ala iski lagzish ko mu'af farmadeta hai. [Abu Dawood]

86 . عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :مَنْ أَقَالَ مُسْلِمًا عَثْرَتَهُ.أَقَالَهُ اللهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رواه ابن حبان، قال المحقق/ اسناده صحيح 405/11

*Hazart Abu Huraira ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Jo musalman ki lagzish ko mu'af kare Allah Ta'ala qayamat ke din iski lagzish ki mu'af farmayenge. [Ibn Hibban]

# مسلمانوں کے حقوق

# MUSALMANAON KE HAQOOQ



## AYAAT QUR'ANIA

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ﴾ [الحجرٰت ١٠]

*TARJUMA: Allah Ta'ala ka irshaad hai: Musalman apas mein bhai bhai hain.* [Al-Hujurat]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۚ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۚ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾ [الحجرٰت ١١-١٣]

*TARJUMA: Allah Ta'ala ka irshaad hai: Ae imaan walo! na to mardaon ko mardaon par hasna chahiye shayad ke (jin par hasa jaata hai) wo un (hasne walon) se (Allah Ta'ala ke nazdeek) behtar ho aur na auraton ko auraton par hasna chahiye shayad ke (jin par hasa jaata hai) wo un (hasne wali auraton) se Allah Ta'ala ke nazdeek behtar ho aur na ek dusre ko ta'ana do aur na ek dusre ke bure naam rakho (kyunke ye sab baatein gunah ki hain aur) imaan lane ke baad (musalmanon par) gunah ka naam lagna hi bura hai aur jo in*

*harkaton se baaz na aayein ge to wo zulm karne waale (aur haqooq-al-ibad ko zaya karne waale) hain (to jo saza zalimon ko milegi wohi inko milegi). Imaan walo! bahut si badgumaniyon se bacha karo kyunke baaz gumaan gunah hote hain (aur baaz ja'iz bhi hote hain jaise Allah Ta'ala ke saath achcha gumaan rakhna to isliye tahqeeq karlo har mauqa aur har muamle mein, badgumaani na karo) aur (kisi ke aib ka) suraag math lagaya karo aur ek dusre ki geebat na kiya karo, kya tum mein koi is baat ko pasand karta hai ke apne mare hue bhai ka gosht khaaye isko to tum bura samajhte ho. Aur Allah Ta'ala se darte raho (aur tauba karlo) beshak Allah Ta'ala bade mu'af karne waale (aur) meharban hain. Ae logo! humne tum (sab) ko ek mard aur ek aurat (yani Adam wa Hawa) se paida kiya (is mein to sab barabar hain aur phir jis baat mein farq rakha wo ye ke) tumhari qaume aur qabeele banaye (ye sirf isliye) taake tumhe apas mein pehchaan ho (jis mein mukhtqlif maslihatein hain, ye mukhtalif qabail isliye nahi ke ek dusre par faqr karo kyunke) Allah Ta'ala ke nazdeek to tum sab mein bada izzat waala wo hai jo tum mein sabse zyada parhezgaar hai Allah Ta'ala khoob jaan ne waale (aur sabke haal se) ba khabr hain.* [Al-Hujurat]

FAIDA: Geebat ko mare hue bhai ka gosht khaane ki tarah farmaya hai. Iska matlab ye hai ke jaise insaan ka gosht noch noch kar khaane se isko takleef hoti hai isi tarah musalman ki geebat se isko takleef hoti hai lekin jaise mare hue insaan ko takleef ka asar nahi hota isi tarah jiski geebat hoti hai isko maloom na hone tak takleef nahi hoti.

وَقَالَ تَعَالَىٰ: ﴿ يَآأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ ۚ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَاللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوَىٰٓ أَن تَعْدِلُوا ۚ وَإِن تَلْوُوٓا أَوْ تُعْرِضُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴾

[النساء:١٣٥]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Ae imaan walo! insaaf par qayam raho aur Allah Ta'ala keliye sachi gawahi do khuwa (is mein) tumhare ya tumhare maa baap ya rishtedaron ka nuqsaan hi ho. Aur gawahi ke waqt ye khayal na karo) ke jiske muqabile mein hum gawahi de rahe hain) ye ameer hai (isko naffa pahunchana chahiye) ya ye gareeb hai (is keliye kaise nuqsaan kardein tum kisi ki ameeri gareebi ko na dekho kyunke) wo shakhs agar ameer hai to bhi aur gareeb hai to bhi dono ke saath Allah Ta'ala ko zyada ta'looq hai (utna ta'looq tumko nahi) lehaza tum gawahi dene mein naffasani khuwahish ki pairwi na karna ke kahin tum haq aur insaaf se hatt jao aur agar tum hair phair se gawahi doge ya gawahi se bachna chahoge to (yaad rakhna ke) Allah Ta'ala tumhare sab amaal ki poori khabr rakhte hain.* [An-Nisa'a]

وَقَالَ تَعَالَىٰ: ﴿ وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَآ أَوْ رُدُّوهَآ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ﴾

[النساء:٨٦]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur jab tumko koi salaam kare to isse behtar alfaaz mein salam ka jawab do ya kum az kum jawab mein wohi alfaz kehdo jo pehle shakhs ne kahe the bila shuba Allah Ta'ala har cheez ka yani har amal ka hissab lene waale hain.* [An-Nisa'a]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا﴾

[بني إسرآءيل ٢٣-٢٤]

*TARJUMA: Allah Ta'ala ne Rasool ﷺ se irshaad farmaya: Aur Aapke Rabb ne ye hukm diya hai ke is ma'bood barhaq ke siwa kisi ki ibadat na karo aur tum walaideen ke saath husn suluk se pesh aao agar in mein se ek ya dono tere saamne budhape ko pahunch jaaye to is waqt bhi kabhi inko "hoon" math kehna aur na inko jhidhakna aur intehayi narmi aur aadab ke saath inse baat karna. Aur inke saamne shafaqat se inkesari ke saath jhuke rehna aur yun dua karte rehna: Ae mere Rabb! jis tarah inhone bachpane mein meri parwarish ki hai isi tarha aap bhi in donon par reham farmaiye.* [Bani Isra'il]

## AHADEES-E-NABIWIYAH

87. عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتَّةٌ بِالْمَعْرُوْفِ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيْبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَعُوْدُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيَتْبَعُ جِنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ، وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ.

رواه ابن ماجه، باب ما جاء في عيادة المريض، رقم: 1433

*Hazrat Ali* رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ek musalman ke dusre musalman par che(6) haqooq hain: Jab mulaqaat ho to isko salam kare, jab dawat de to iski dawat qubool kare, jab ise cheenk aaye (aur الحمد لله ) kahe to is ke jawab mein يرحمك الله kahe, jab bemaar hai to iski eyadad kare, jab inteqaal kar jaye to iske janaze ke saath jaye aur is keliye wohi pasand kare jo apne liye pasand karta hai. [Ibn Ma'jah]

88. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ.

رواه البخاري، باب الأمر باتباع الجنائز، رقم: 1240

*Hazrat Abu Huraira* ﷺ *se riwayat hai ke maine Rasool Allah* ﷺ *ko ye irshaad farmate hue sunna:* Ek musalman ke dusre musalman par paanch haq hain: Salam ka jawab dena, bemaar ki eyadad karna, janaze ke saath jana, dawat qubool karna aur cheenk ne waale ke jawab mein يَرْحَمُكَ الله kehna. [Bukhari]

89. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا تَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّى تُؤْمِنُوا، وَلَا تُؤْمِنُوا حَتَّى تَحَابُّوا أَوَلَا. أَدُلُّكُمْ عَلَى شَيْءٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ؟ أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ.

رواه مسلم، باب بيان انه لا يدخل الجنة المؤمنون...، رقم: 194

*Hazrat Mu'az Bin Jabal ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Jo banda duniya mein shauhrat aur dikhlane keliye koi naik amal karega Allah Ta'ala qayamat ke din is baat ko tamaam makhluq ke saamne shauhrat denge (ke ye shakhs

naik amal logaon ko dikhlane keliye kiye the jiski wajha se iski ruswayee hogayi). [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

57. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يُؤْتَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصُحُفٍ مُخَتَّمَةٍ، فَتُنْصَبُ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: أَلْقُوا هٰذِهِ، اقْبَلُوا هٰذِهِ، فَتَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ، مَا رَأَيْنَا إِلَّا خَيْرًا. فَيَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ هٰذَا كَانَ لِغَيْرِ وَجْهِي، وَإِنِّي لَا أَقْبَلُ الْيَوْمَ مِنَ الْعَمَلِ إِلَّا مَا ابْتُغِيَ بِهِ وَجْهِي. وَفِي رِوَايَةٍ: فَتَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: وَعِزَّتِكَ، مَا كَتَبْنَا إِلَّا مَا عَمِلَ. فَيَقُولُ: صَدَقْتُمْ، إِنَّ عَمَلَهُ كَانَ لِغَيْرِ وَجْهِي.

رواه الطبراني في الاوسط باسنادين، ورجال أحدهما رجال الصحيح ورواه البزار، مجمع الزوائد 635/10

*Hazrat Anas Bin Malik ﷺ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Qayamat ke din muhar shuda amaal naame laye jayeinge aur woh Allah Ta'ala ke saamne pesh kiye jayeinge. Allah Ta'ala baaz logaon ke naame amaal ke baare mein farmainge inko qabool karlo aur baaz logaon ke naame amaal ke baare mein farmainge inko phainkdo. *Farishte arz karenge:* Aap ki izzat aur jalal ki qasam! Hum ne in amaal naamon mein bhalayi ke alawa to kuch aur dekha nahi? *Allah Ta'ala farmainge:* Woh amaal Mere liye nahi kiye the aur Mai aaj ke din inhi amaal ko qabool karoonga jo sirf meri raza ke liye kiye gaye the.

*Ek riwayat mein hai ke farishte arz kareinge*: Aap ki izzat ki qasam! hum ne to wohi likha jo isne amal kiya (aur woh sab amaal naik aur achche hi hain) *Allah Ta'ala farmainge:* Farishto! tum sach kehte ho (lekin) iske amaal Meri raza ke alawa kisi aur garz keliye the. [Tibrani, Bazzar, Majma Al-Zawa'id]

58. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: وَأَمَّا مُهْلِكَاتٌ: فَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. (وهو طرف من الحديث) رواه البزار واللفظ له والبيهقي وغيرهما مروى عن جماعة من الصحابة واسانيده وان كان لا يسلم شيء منها بن مقال فهو بمجموعها حسن ان شاء الله تعالى، الترغيب 286/1

*Hazrat Anas ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ irshaad farmaya:* Halak karne waali cheezein ye hain: woh bukhal jiski eta'at ki jaaye yani bukhal kiya jaye, woh khuwahish-e-nafs jis per chala jaaye aur aadmi ka apne aap ko behtar samjhna. [Bazzar, Targheeb]

59. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مِنْ أَسْوَإِ النَّاسِ مَنْزِلَةً مَنْ أَذْهَبَ آخِرَتَهُ بِدُنْيَا غَيْرِهِ.

رواه البيهقي في شعب الايمان 358/3

*Hazrat Abu Huraira* ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Badtareen shakhs woh hai jo dusraon ki duniya keliye apni aakhirat ko barbaad karle. Yani dusraon ko duniyawi faida pahuchane keliye Allah Ta'ala ko naraaz karne waala kaam karke apni aakhirat ko barbaad karle. [Baihaqi]

60. عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَى هٰذِهِ الْأُمَّةِ، كُلُّ مُنَافِقٍ عَلِيمِ اللِّسَانِ.

رواه البيهقي في شعب الايمان 284/2

*Hazrat Omer Bin Khattab* ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mujhe is ummat per sabse zyada darr is munafiq ka hai jo zuban ka aalim ho (ilm ki baatein karta ho lekin imaan aur amal se khali ho). [Baihaqi]

FAIDA: Munafiq se muraad riyakaar ya fasiq hai.

61. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ الْخُزَاعِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ : مَنْ قَامَ رِيَاءً وَسُمْعَةً لَمْ يَزَلْ فِي مَقْتِ اللهِ حَتّٰى يَجْلِسَ.

تفسير ابن كثير 116/3

*Hazrat Abdullah Bin Qais Khuzayi* ﷺ *Rasool Allah* ﷺ *ka irshaad naql farmate hain:* Jo shakhs kisi naik kaam mein dikhlawe aur shauhrat ki niyat se lage to jab tak woh is niyat ko chord na de Allah Ta'ala ki sakht naraazgi mein rehta hai. [Tafseer Ibn Katheer]

62. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ : مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِي الدُّنْيَا، أَلْبَسَهُ اللهُ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ أَلْهَبَ فِيهِ نَارًا.

رواه ابن ماجه، باب من لبس شهرة من الثياب، رقم : 3607

*Hazrat Abdullah Bin Omer* ° *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Jis shakhs ne duniya mein shauhrat ka libaas pehna, Allah Ta'ala qayamat ke din isko zillat ka libaas pehna kar is mein aag bhadka denge. [Ibn Ma'jah]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ



# دعوت و تبلیغ

# DAWAT–O-TABLEEGH

***Apne yaqeen wa amal ko darust karne aur saare insanaon ko sahi yaqeen wa amal par lane ke liye Rasool Allah ﷺ wale tareeq-e-mehnat ko saare aalam mein zinda karne ki koshish karna.***

## *DAWAT AUR USKE FAZAIL*

---

### AYAAT-E-QUR'ANIA

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ﴿وَاللّٰہُ یَدۡعُوۡۤا اِلٰی دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَیَہۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۲۵﴾﴾
[ یُوۡنُس ۲۵]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur Allah Ta'ala salaamati ke ghar yani jannat ki taraf dawat dete hain aur woh jise chahte hain seedha rasta dekhate hain.*
[Yunus]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ھُوَ الَّذِیۡ بَعَثَ فِی الۡاُمِّیّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡہُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیۡہِمۡ وَیُعَلِّمُہُمُ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَۃَ ٭ وَاِنۡ کَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۲﴾﴾ [الجُمُعَۃ ۲]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Allah Ta'ala woh hain jinhone anpadh logaon mein inhi mein se ek Rasool mabaos farmaya.Yani woh Rasool ummi aur anpadh hain woh Rasool in ko Allah Ta'ala ki aayatein padh padh kar sunate hain yani Qur'an kareem ke zariye in ko dawat dete hain, naseehat karte hain aur imaan lane ke liye in ko aamada karte hain (jis se inko hidayat hasil hoti hai) aur inki akhlaqi islah karte aur in ko sanwarte hain,in ko Qur'an paak ki taleem dete*

*hain aur sunnat aur sahi samjh-bujh ki ta'leem dete hain. Yaqeenan in Rasool ki baast se pehle ye log khuli gumraahi mein the.* [Al-Jumu'a]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ۝ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝﴾ [الفرقان ٥١-٥٢]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Agar hum chahte to (Aap ﷺ ke alawa isi zamane mein) har basti mein ek ek paighambar bhej dete (aur tanha Aap ﷺ par tamaam kaam na daalte lekin chunke Aap ﷺ ka ajar badhana maqsood hai is liye hum ne aisa nahi kiya to is tarah saara kaam tanha Aap ﷺ ke sapurd karna Allah Ta'ala ki ne'mat hai. Lehaza is ne'mat ke shukriya mein) Aap ﷺ kafiron ki khushi ka kaam na kijiye (yani kafir to isse khush honge ke aap tableegh na kiya kare ya kum kare) aur Qur'an (mein jo haq ke dalail hain) inse in kufaar ka zor wa shor se muqabila kijiye (yani aam aur taam tableegh kijiye, sabse kahiye aur bar-bar kahiye aur himmat quvi rakhiye).* [Al-Furqan]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ﴾ [النحل ١٢٥]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ne apne Rasool ﷺ se irshaad farmaya:*** *Aap apne Rabb ke raste ki taraf hikmat aur achchi naseehat ke zariye dawat dijiye.* [An-Nahl]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝﴾ [الذّٰريٰت ٥٥]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ se irshaad farmaya:*** *Aur samjhate rahiye kyun ke samjhna imaan walaon ko nafa deta hai.* [Az-Zariyat]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ ﴾ [اَلْمُدَّثِّر ۱-۳]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ne apne Rasool se irshaad farmaya:*** *Ae kapda odhne wale! apni jaga se uthiye aur daraiye aur apne Rabb ki badaiyan bayaan kijiye.* [Al-Muddasir]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ ﴾ [اَلشُّعَرَآء ۳]

*TARJUMA:* ***Rasool Allah ﷺ se khitaab hai:*** *Shayad Aap inke imaan na lane par gham khate khate apni jaan de denge.* [Ash-Shuara'a]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ ﴾ [اَلتَّوْبَة ۱۲۸]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'la ka irshaad hai:*** *Bilashuba tumhare paas ek aise Rasool tashreef laye hain jo tumhi mein se hain, tum ko kisi qism ki takleef ka pahunchna in par bahut giraan guzarta hai, woh tumhari bhalayee ke intehayee khawishmand hain (unki ye halat to sab ke saath hai) bilkhusus musalmanon par bade shafeeq aur nihayat meharbaan hain.* [At-Tauba]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ﴾ [فَاطِر ۸]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ se irshaad farmaya:*** *In ke imaan na lane par pachta pachta kar, kahin Aap ki jaan na jati rahe.* [Fatir]

وَقَالَ تَعَالٰی: ﴿ اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ۚ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا

فِرَارًا ۝ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوٓا أَصَابِعَهُمْ فِيٓ ءَاذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّيٓ أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ۝ وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا ۝ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا ۝ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝ وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِّتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝﴾

[نوح ١-٢٠]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Beshak humne Nooh عليه السلام ko inki qaum ke paas ye hukm dekar bheja tha ke apni qaum ko daraiye isse pehle ke inper dardnaak azaab aaye. Chunacha inho ne apni qaum se farmaya ke ae meri qaum! Mai tumhe saaf taur par nasihat karta hoon ke Allah Ta'ala ki ibadat karo aur inse darte raho aur mera kehna maano (aisa karne par) Allah Ta'ala tumhare gunah bakhsh denge aur maut ke muqararah waqt tak azaab ko maukhar rakhenge yani duniya mein bhi azaab se hifazat rahegi aur aakhirat mein azaab ka na hona to zaahir hai. Jab Allah Ta'ala ka muqarar kiya hua waqt ajata hai to phir isko peeche nahi hataya jasakta yani Imaan aur taqwe ki barkat se azaab se to hifazat hojayegi magar maut harhaal aakar rahegi. Kaash tum ye baat samajhte (jab ek lambi muddat tak in bataon ka asar qaum par na hua to Nooh عليه السلام ne dua ki: Mere Rabb mai apni qaum ko raat din, dawat deta raha. Magar woh mere bulaane par deen se aur bhi zyada bhaagne lage. Jab bhi mai inko Imaan ki dawat deta taake inke Imaan ke sabab aap inko bakhsh de to woh log kaanon mein apni*

*ungliyan thoons lete aur apne kapde apne upar lapait lete (taake woh mujh ko na dekhe aur mai inko na dekhoon) aur (shararat par) adgaye aur behad tukabur kiya. Phir (bhi mai inko mukhtaleef tareeqon se naseehat karta raha chunacha) maine inhe barmala bhi bulaya phir maine inko alaniya bhi samjhaya aur posheeda taur par bhi samjhaya, yani jo tareeqa bhi unki hidayat ka hosakta tha usko chorda nahi, aam majmuon mein maine unko dawat di phir khaas taur par inke gharaon par jakar bhi alaniya aur khol-khol kar bayaan kiya aur khamooshi ke saath chupke chupke inko nafaa nuqsaan se aagah kiya aur (isi samjhane ke silsile mein) maine inse kaha ke tum apne Rabb ke saamne istaghfaar karo, beshak woh bade bakhshne wale hain. Is istaghfaar par Allah Ta'ala kasarat se tumper barishein barsayenge aur tumhare maal aur aulad mein barkat denge aur tumhare liye bahut se baagh laga denge aur tumhare liye nehrein jari kardenge. Tumhe kya hogaya ke tum Allah Ta'ala ki azmath wa jalaal ka khayal nahi rakhte, halan ke inho ne tumhe kayi marhaalon mein banaya hai. Kya tumko maloom nahi tumko Allah Ta'ala ne kis tarah upar tale saat asmaan banaye hain aur in asmaanon mein chaand ko chamakta hua banaya aur suraj ko chiraag (ki tarah raushan) banadiya. Aur Allah Ta'ala hi ne tumhe zameen se paida kiya phir tumhe (marne ke baad) zameen hi mein lauta denge aur (qayamat mein) is zameen se tumko bahar le aayenge. Aur Allah Ta'ala hi ne zameen ko tumhare liye farsh banaya taake tum iske kushada raaston mein chalo phiro yani (zameen par chalne phirne mein raaste ki koi rukawat nahi).* [Nuh]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٢٣ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝٢٤ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ۝٢٥ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٢٦ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ۝٢٧ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝٢٨﴾ [الشعراء ٢٣-٢٨]

وَقَالَ تَعَالٰى فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ: ﴿قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۝٤٩ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْۤ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝٥٠ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ۝٥١ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ۝٥٢ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ﴾

[طٰہٰ ٤٩-٥٣]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Firaun ne kaha ke Rabb-ul-alameen kya cheez hai? Moosa* (عليه السلام) *ne farmaya ke woh asmaanon aur zameen aur jo kuch inke darmiyan hai sabke Rabb hain, agar tumhe yaqeen aaye. Firaun ne apne ird-gird baithne waalon se kaha ke kya tum sun rahe ho? Ye kaisi bekaar baatein kar raha hai, lekin Moosa* (عليه السلام) *ne Allah Ta'ala ki sifat ka bayaan jari rakha aur farmaya ke wahi tumhare Rabb hain aur wahi tumhare peechle baap dadaun ke Rabb hain. Firaun apne logaon se kehne laga: Ye tumhara Rasool jo tumhari taraf bheja gaya hai, bilashuba koi deewana hai. Moosa* (عليه السلام) *ne farmaya ke wohi mashriq-o-maghrib aur jo kuch in dono ke darmiyan hai in sabke Rabb hain. Agar tum kuch samajh rakhte ho.* [Ash-Shuara'a]

*TARJUMA:* ***Dusre muqam par Allah Ta'ala ne Moosa*** (عليه السلام) ***ki dawat ko is tarah zikr farmaya:*** *Firaun ne kaha: Moosa (ye batao ke) tum dono ka Rabb kaun hai? Moosa* (عليه السلام) *ne jawab diya hum dono ka (balke sab ka) Rabb woh hai jis ne har cheez ko iske munasib surat wa shakl aata farmayi (phir tamaam makhlooqat ko*

*har qism ke faida haasil karne ki) samajh ataa farmayi. (Firaun ne Moosa عليه السلام ka ma'qool jawab sunkar behuda sawalat shuru kardiye aur) kaha: Achcha peechle logaon ke halaat batlaiye. Moosa عليه السلام ne farmaya: In logaon ka ilm mere Rabb ke paas looh mehfooz mein hai. Mere Rabb (aise jaan ne wale hain ke) na galti karte hain, aur na bhoolte hain (in logaon ke aamal ka sahi sahi ilm mere Rabb ko haasil hai. Phir Hazrat Moosa عليه السلام Allah Ta'ala ki aisi aam sifaat bayaan farmayein jisse har aam aadmi bhi samajh sakta hai. Chunacha farmaya) woh Rabb aise hain jinho ne tumhare liye zameen ko farsh banaya aur is zameen mein tumhare liye raaste banaye. Aur asmaan se paani barsaya.* [Ta'ha]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَ ذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ﴾ [ابراهيم ٥]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur hum ne Moosa# عليه السلام ko ye hukm de kar bheja ke apni qaum ko (kufr ki) taarikiyon se (imaan ki) roshni ki taraf lao aur Allah Ta'ala ki taraf se musibat aur rahat ke jo waqiat inko pesh aate rahe hain woh waqiat ko yaad dilao kyunke in waqiat mein har sabr karne wale, shukr karne wale ke liye badi nishaniyan hain.* [Ibrahim]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ﴾ [الأعراف ٦٨]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *(Nooh عليه السلام ne apni qaum se kaha ke) mai tumhe apne Rabb ke paigamat pahunchata hoon aur mai tumhara sachcha khair khawah hoon.* [Al-Ar'af]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿ وَقَالَ الَّذِيٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَيٰقَوْمِ مَا لِيٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيٓ اِلَى النَّارِ ۝ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۤءُ الْعَذَابِ ۝ ﴾

[المؤمن ٣٨-٤٥]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *(Firaun ki qaum mein se) woh aadmi jo (Moosa ﷺ par) imaan laya tha (aur is ne apna imaan chupaya hua tha) apni qaum se kaha: Mere bhaio! tum meri pairwi karo mai tumhe naiki ka rasta bataonga. Mere bhaio! duniya ki zindagi mehaz chand roza hai aur thairne ka muqam to aakhirat hi hai. Jo bure kaam karega us ko badla bhi waisa hi milega aur jis ne naik kaam kiya chahe mard ho ya aurat bashartya ke woh momin ho to aise log jannat mein dakhil honge jahan inhe behisaab rozi milegi. Mere bhaio! aakhir kya baat hai ke mai tum ko najat ki dawat deta hoon aur tum mujhe dozakh ki dawat dete ho. Tum mujhe is baat ki taraf dawat dete ho ke mai Allah Ta'ala ka munkir hojaon aur unke saath aise shirk karoon jise mai jaanta bhi nahi aur mai tumhe zabardast, gunah bakhshne wale ki taraf bulata hoon. Aur sachchi baat to ye hai ke tum mujhe jis taraf bulate ho woh na duniya mein pukare jane ke qabil hai na aakhirat mein aur yaqeenan hum sab ko Allah Ta'ala ke paas wapas jana hai aur beshak bandagi ki had se*

*nikalne wale hi dozakhi hain. Mai tumse jo kuch keh raha hoon tum meri is baat ko aage chal kar yaad karoge aur mai to apna muamla Allah Ta'ala ke sapurd karta hoon. Beshak tamaam bandagi Allah Ta'ala ki nigah mein hain. (natija ye hua ke) Allah Ta'ala ne is momin ko in logaon ki buri chalon se mehfooz rakha aur khud Firauniyon par badtareen azaab nazil hua.* [Al-Momin]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴾ [لقمٰن ١٧]

TARJUMA: **(Hazrat Luqman ne apne bete ko naseehat ki jis ko Allah Ta'ala ne zikr farmaya)** *mere pyare bete! namaz padha karo, achche kaamon ki naseehat kiya karo, bure kaamon se mana kiya karo aur jo museebat tumper aaye is ko bardaasht kiya karo, beshak ye himmat ke kaam hain.* [Luqman]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا ۨ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْۗءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۢ بَىِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ ﴾ [الأعراف ١٦٤-١٦٥]

TARJUMA: *(Bani Israel ko hafta ke din machli ke shikaar se mana kiya gaya tha kuch logaon ne is hukm par amal kiya, kuch logaon ne nafarmani ki aur kuch logaon ne nafarmanon ko naseehat ki. Is waqiya ko in aayat mein bayaan kiya hai)* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur woh waqt qabil-e-zikr hai jab Bani Israel ki ek jamat jo ke nafarmani nahi karti thi, (aur na hi nafarmani karne walaon ko rokti thi) isne in logaon se kaha jo naseehat kiya karte the ke tum aise logaon ko kyun naseehat kar rahe ho jin ko Allah Ta'ala halak*

***karne wale hain ya in ko sakht saza dene wale hain. Is par naseehat karne wale ne jawab diya ke hum is liye naseehat kar rahe hain taake tumhare (aur apne) Rabb ke samne apni zimedari se subkdosh hosakein (yani Allah Ta'ala ke samne ye keh sakhe ke aye Allah hum ne to kaha tha magar inhone na suna, hum ma'zoor hain) aur is umeed par bhi ke shayad ye baaz aajayein (aur hafta ke din shikaar karna chord dein) phir jab in logaon ne is hukm ko chorde hi rakha jis hukm par amal karne ki inko naseehat ki jaati rahi to humne in loagaon ko to bachaliya jo is bure kaam se mana kiya karte the aur nafarmanaon ko nafarmani ki wajha se jo who kiya karte the shadeed azaab mein mubtela kardiya.*** [Al-Ar'af]

وَقَالَ تَعَالیٰ: ﴿فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ۝﴾ [هُود ١١٦-١١٧]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Jo qaumein tum se pehle halak hochuki hain in mein aise samajhdaar log kyun na hue jo logaon ko mulk mein fasaad phailane se mana karte albatta chand aadmi aise the jo fasaad se rokte the jinhe hum ne azaab se bachaliya tha (yani peechli ummaton ki halakat ke jo qisse mazkoor hue hain is ki wajha ye hui ke in mein aise samjhdaar log na the jo in ko* أمر بالمعروف *aur* نهى عن المنكر *karte, chand log ye kaam karte rahe to woh azaab se bachaliye gaye) aur jo nafarman the woh jis naaz wa ne'mat mein the is ke peeche padhe rahe aur woh jaraim ki aadi hochuke the, aur Aap ke Rabb ki ye shaan nahi hai ke woh in*

*bastiyon ko jin ke rehne wale (apni aur dusraon ki) islah mein lage hoon, nahaq (bilawajah) tabah wa barbaad kardein.* [Hud]



وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣﴾ [العصر ١-٣]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Zamane ki qasm! beshak insaan bade khasare mein hai magar woh log jo imaan laye aur naik aamal ke paband rahe aur ek dusre ko haq par qayam rehne aur ek dusre ko sabr ki naseehat karte rahe (ye log albatta poore poore kamiyaab hain).* [Al-Asr]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ﴾ [اٰل عمرٰن ١١٠]

TARJUMA: ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Tum behtareen ummat ho jo logaon ke faide ke liye bheji gayi hai. Tum naik kaam karne ko kehte ho aur bure kaamon se rokte ho aur Allah Ta'ala par imaan rakhte ho.* [Al-Imran]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ﴾ [يُوْسُف ١٠٨]

TARJUMA: ***Rasool Allah ﷺ se khitab hai:*** *Aap farmadijiye mera rasta to yahi hai ke mai puri baseerat ke saath Allah Ta'ala ki taraf dawat deta hoon aur jo meri pairvi karne wale hain woh bhi (Allah Ta'ala ki taraf dawat dete hain).* [Yusuf]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝﴾ [اَلتَّوْبَة ٧١]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur musalmaan mard aur musalmaan aurtein apas mein ek dusre ke deeni madad gaar hain jo naik kaamon ka hukm dete hain aur bure kaamon se mana karte hain aur namaz ki pabandi karte hain aur zakat ada karte hain aur Allah Ta'ala aur inke Rasool Allah ﷺ ke hukm par chalte hain. Yahi log hain jin par Allah Ta'ala zaroor reham farmayenge. Beshak Allah Ta'ala zabardast hain, hikmat wale hain.* [At-Tauba]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ [المائدة ۲]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur naiki aur taqva ke kaamon mein ek dusre ki madad kiya karo. Aur gunah aur zulm ke kaamon mein ek dusre ki madad na kiya karo.* [Al-Maidah]

وَقَالَ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝﴾

[حٰمٓ السجدة ۳۳-۳۵]

*TARJUMA:* ***Allah Ta'ala ka irshaad hai:*** *Aur is se behtar kiski baat hosakti hai jo (logaon ko) Allah Ta'ala ki taraf bulaye aur khud bhi naik amal kare aur (farmabardaari ke izhaar ke liye) kahe ke mai farmabardaaron mein se hoon. Naiki aur burai barabar nahi hoti (balke har ek ka asar juda hai) to aap aur aap ke manne wale) burai ka jawab bhalayi se dein (maslan gussa ke jawab mein bardbari, sakhti ke jawab mein narmi) chunacha is behtareen bartao ka asar ye hoga ke jis shakhs ko aap se dushmani thi woh ek dum aisa hojayega jaise koi humdard dost hota hai, aur ye baat bardasht karne*

*walaon hi ko naseeb hoti hai, aur ye baat badi qismat wale hi ko milti hai (is aayat se maloom hua ke* داعی الی اللہ *ko bahut ziada sabr wa isteqalal aur umdah akhlaq ki zarurat hai).* [As-Sajda]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ﴾ [التحريم ٦]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Imaan walo! tum apne aap ko aur apne ghar walaon ko is aag se bachao jis ka eindhan aadmi aur pathar hain. Is aag par aise sakht dil aur zorowar farishte muqarar hain ke in ko jo hukm bhi Allah TA'la dete hain woh is ki nafarmani nahi karte aur woh wahi karte hain jis ka in ko hukm diya jata hai.* [At-Tahrim]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ﴾ [الحج ٤١]

TARJUMA: **Allah Ta'ala ka irshaad hai:** *Ye musalmaan log aise hain ke agar hum in ko duniya mein hukomat de dein tab bhi ye log (khud bhi) namaz ki pabandi karein aur zakat dein aur (dusraon ko bhi) naik kaam karne ko kahein aur bure kaamon se mana karein aur har kaam ka anjaam to Allah Ta'ala hi ke ikhtiyar mein hai.* [Al-Hajj]

وَقَالَ تَعَالَى: ﴿وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۗ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۗ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۗ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ﴾ [الحج ٧٨]

TARJUMA: **Allah Ta'al ka irshaad hai:** *Aur Allah Ta'ala ke deen ke liye mehnat kiya karo jaisa mehnat karne ka haq*

*hai. Inhone tamaam duniya mein apna paigham pahunchane ke liye tum ko chun liya hai aur deen mein tum par kisi tarah ki sakhti nahi ki (lehaza deen ka kaam asaan hai. Aur jo islam ke ahkam tum ko diye gaye hain woh deen-e-ibrahimi ke mutabiq hain is liye) tum apne baap ibrahim ke deen par qayam raho. Allah Ta'ala ne tumhara laqab Qur'an ke nazil hone se pehle bhi aur is Qur'an mein bhi musalmaan rakha hai (yani farmanbardaar aur wafashar). Tum ko hum ne is liye muntakhab kiya hai taake Mohammed ﷺ tumhare liye gawahaon aur tum dusre logaon ke muqabile mein gawah bano.* [Al-Hajj]

FAIDA: Matlab ye hai ke qayamat ke din jab dusri ummatein inkaar karegi ke anbiya ne hum ko tableegh nahi ki to woh anbiya, ummat-e-Mohammedia ko bataur gawah pesh kareinge. Ye ummat gawahi degi ke beshak paighambaron ne dawat wa tableegh ki, jab sawal hoga ke tum ko kaise maloom hua? jawab denge ke hum ko humare Nabi ne bataya tha aur phir Rasool Allah ﷺ apni ummat ki gawahi ke mautebar hone ki tasdeeq farmaeinge.

Baaz mufasireen ne aayat ka mafhoom ye bayaan kiya ke *Allah Ta'ala ne farmaya:* Humne tumhe is liye chun liya hai taake Rasool Allah ﷺ tum ko batayen aur sikhayen tum dusre logaon ko batao aur sikhao.

## AHADEES-E-NABIWIYAH

1. عَنْ مُعَاوِيَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولِ اللهِ ﷺ : إِنَّمَا أَنَا مُبَلِّغٌ وَاللهُ يَهْدِى، فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللهُ يُعْطِى.

رواه الطبرانى فى الكبير وهو حديث حسن، الجامع الصغير 395/1

*Hazrat Muawiya* رضي الله عنه *riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Mai to Allah Ta'ala ka paigham logaon tak

pahunchane wala hoon aur hidayat to Allah Ta'al hi dete hain, mai to maal taqseem karne wala hoon aur atta karne wale to Allah Ta'ala hi hain. [Tibrani]



2. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِعَمِّهِ: قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، أَشْهَدُ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: لَوْلَا أَنْ تُعَيِّرَنِي قُرَيْشٌ، يَقُولُونَ: إِنَّمَا حَمَلَهُ عَلَى ذٰلِكَ الْجَزَعُ لَأَقْرَرْتُ بِهَا عَيْنَكَ. فَأَنْزَلَ اللهُ: "إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ".

رواه مسلم، باب الدليل على صحة اسلام،... رقم: 135

*Hazrat Abu Huraira* رضي الله عنه *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne apne chacha (Abu Talib se unki wafat ke waqt) Irshaad farmaya:* لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ keh lijiye taake mai qayamat ke din aap ka gawah ban jaon. *Abu Talib ne jawab diya:* Agar Quresh ke is taana ka darr na hota ke Abu Talib ne sirf maut ki ghabrahat se kalima padha hai to mai kalima padh kar zaroor aap ki aankhon ko thanda kardeta. Is par Allah Ta'ala ne ye aayat nazil farmayi:

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ

TARJUMA: Aap jis ko chahe hidayat nahi desakte balke Allah Ta'ala jis ko chahe hidayat de dein. [Muslim]

3. عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: خَرَجَ أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه يُرِيدُ رَسُولَ اللهِ ﷺ وَكَانَ لَهُ صَدِيقًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فُقِدْتَ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِكَ، وَاتَّهَمُوكَ بِالْعَيْبِ لِآبَائِهَا وَأُمَّهَاتِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنِّي رَسُولُ اللهِ، أَدْعُوكَ إِلَى اللهِ جَلَّ وَعَزَّ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ كَلَامِهِ أَسْلَمَ أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه فَانْطَلَقَ عَنْهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَمَا بَيْنَ الْأَخْشَبَيْنِ أَحَدٌ أَكْثَرُ سُرُورًا مِنْهُ بِإِسْلَامِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنه وَمَضَى أَبُو بَكْرٍ، فَرَاحَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَسَعْدِ ابْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ، فَأَسْلَمُوا، ثُمَّ جَاءَ الْغَدَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ، وَالْأَرْقَمُ ابْنُ أَبِي الْأَرْقَمِ، فَأَسْلَمُوا رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ.

البداية والنهاية 80/3

*Hazrat Ayesha* ؓ *farmati hain ke Hazrat Abu Bakar* ؓ *zamana-e-jahalat mein Rasool Allah* ﷺ *ke dost the.* Ek din Rasool Allah ﷺ se mulaqat ke iraade se ghar se nikle. Aap se mulaqat hui to arz kiya: Abu Qasim (ye Rasool Allah ﷺ ki kaniyat hai) Aap apni qaum ki majlison mein dekhayi nahi dete aur log aap par ye ilzam laga rahe hain ke aap inke baap dada mein uyoob nikalte hain. *Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Mai Allah Ta'ala ka Rasool hoon tum ko Allah Ta'ala ki taraf bulata hoon. Rasool Allah ﷺ ki baat khatam hote hi Hazrat Abu Bakar ؓ musalmaan hogaye. Rasool Allah ﷺ Hazrat Abu Bakar ؓ ke paas wapis hue aur Aap ﷺ Hazrat Abu Bakar ؓ ke islam lane par jitne khush the makke ke do pahadhon ke darmiyan koi shakhs kisi baat se itna khush na tha. Hazrat Abu Bakar ؓ wahan se Hazrat Osman Bin Affan, Hazrat Talha Bin Abdullah, Hazrat Zubair Bin Awam aur Saad Bin Obi Waqaas ؓ ke paas (dawat dene ke liye) tashreef legaye, ye Hazraat bhi musalmaan hogaye. Dusre roz Hazrat Abu Bakar ؓ Rasool Allah ﷺ ke paas Hazrat Osman Bin Mazo'on, Hazrat Abu Obaida Bin Jirah, Hazrat Abdul Rehman Bin Aouf, Hazrat Abu Salma Bin Abdul Asad aur Hazrat Arqam Bin Abi Arqam ؓ ko lekar hazir hue aur ye sab Hazraat bhi musalmaan hogaye (do din mein Hazrat Abu Bakar ؓ ki dawat se nau Hazraat ne islam qabool kiya). [Al-Bidaya wa Al-Nihaya]

4. عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: فَلَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ (مَكَّةَ، يَوْمَ الْفَتْحِ) وَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، أَتَى أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه بِأَبِيهِ يَقُودُهُ فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ: هَلَّا تَرَكْتَ الشَّيْخَ فِي بَيْتِهِ حَتَّى أَكُونَ أَنَا آتِيهِ فِيهِ؟ قَالَ أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه: يَا رَسُولَ اللهِ! هُوَ أَحَقُّ أَنْ يَمْشِيَ إِلَيْكَ مِنْ أَنْ تَمْشِيَ أَنْتَ إِلَيْهِ، قَالَ: فَأَجْلَسَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرَهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: أَسْلِمْ، فَأَسْلَمَ، وَدَخَلَ بِهِ أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ وَرَأْسُهُ كَأَنَّهَا ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: غَيِّرُوا هَذَا مِنْ شَعْرِهِ. رواه احمد والطبرانى ورجالهما ثقات، مجمع الزوائد 6/254

*Hazrat Asma Binte Abu Bakar* *farmati hai* : (fatah makka ke din jab Rasool Allah ﷺ makke mein dakhil hue aur masjid-e-haram tashreef legaye to Hazrat Abu Bakar ؓ apne walid Abu Qahafa ka haath pakad kar Aapki khidmat mein laye jab Aap ﷺ ne inhe dekha to irshaad farmaya: Abu Bakar in buzrugwar ko ghar mein kyun nahi rehne diya ke mai khud inke paas ghar aajata? Unhone arz kiya: Ya Rasool Allah in par zyada haq banta hai ke ye Aap ke paas chal kar aayein bajaye iske Aap inke paas tashreef lejayein. *Rasool Allah ﷺ ne inko apne samne bithaya aur inke sinne par haath mubarak phair kar irshaad farmaya:* Aap musalmaan hojaye. Chunache Abu Qahafa ؓ musalmaan hogaye jab Hazrat Abu Bakar ؓ apne walid ko Rasool Allah ss ke paas laye to in ke sar ke baal Sagama darkht ki tarah safed the. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* In baalon ki safedi ko (mehndi waghaira laga kar) badal do. [Musnad Ahmad, Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

FAIDA: Sagama ek darkht hai jo barf ke manind safed hota hai.

5. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: لَمَّا أَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: "وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ" أَتَى النَّبِيُّ ﷺ الصَّفَا، فَصَعِدَ عَلَيْهِ، ثُمَّ نَادَى: يَاصَبَاحَاهُ، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ، بَيْنَ رَجُلٍ يَجِيءُ إِلَيْهِ، وَبَيْنَ رَجُلٍ يَبْعَثُ رَسُولَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَابَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَابَنِي فِهْرٍ، يَابَنِي يَابَنِي، أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا بِسَفْحِ هَذَا الْجَبَلِ، تُرِيدُ أَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ، صَدَّقْتُمُونِي؟ قَالُوا: نَعَمْ! قَالَ: فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ: -لَعَنَهُ اللهُ- تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ! أَمَا دَعَوْتَنَا إِلَّا لِهَذَا؟ وَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ. رواه احمد 17/5

*Hazrat Ibn Abbas* ؓ *farmate hain:* Jab Allah Ta'ala ne وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ aayat nazil farmayi (aur Aap apne qareebi rishtedaron ko dariye) to Aap ne safa pahad par chad kar zor se pukara: يَا صَبَاحَاهُ "yani logo! Subah dushman hamla karne wala

hai" is liye yahan jama hojao. Chunacha sab log Aap ﷺ ke paas jama hogaye koi khud aaya, kisi ne apna qasid bhejdiya. *Is ke baad Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Bano Abdul Mutalib, Bano Fihar, Bano Kaub! Zara yeto batao agar mai tumhe ye khabar do ke is pahad ke daman mein ghudasawaron ka ek lashkar hai jo tum par hamla karna chahata hai kya tum mujhe sachcha maan loge? Sab ne kaha ji haan. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Mai tumhe ek sakht azaab aane se pehle is se darane wala hoon. Abu Lahab bola. Allah ki lanat ho (Nauzbilala) to hamesha ke liye barbaad hojaye, Hume mehaz is liye bulaya tha? Is par Allah Ta'ala ne تَبَّتْ يَدَآ أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ surat nazil farmayi jis mein farmaya: Abu Lahab ke dono haath toot jayein aur woh barbaad hojaye. [Musnad Ahmad]

6. عَنْ مُنِيبٍ الْاَزْدِيِّ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فِي الْجَاهِلِيَّةِ. يَقُوْلُ لِلنَّاسِ: قُوْلُوا "لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ تُفْلِحُوْا" فَمِنْهُمْ مَنْ تَفَلَ فِي وَجْهِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ حَثَا عَلَيْهِ التُّرَابَ، وَمِنْهُمْ مَنْ سَبَّهُ، حَتَّى انْتَصَفَ النَّهَارُ فَأَقْبَلَتْ جَارِيَةٌ بِعُسٍّ مِنْ مَاءٍ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ! لَا تَخْشَيْ عَلَى أَبِيْكِ غِيْلَةً وَلَا ذِلَّةً. فَقُلْتُ: مَنْ هَذِهِ؟ قَالُوْا: زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهِيَ جَارِيَةٌ وَضِيْئَةٌ. رواه الطبراني وفيه: منيب بن مدرك ولم اعرفه، وبقيه رجاله ثقات، مجمع الزوائد

18/6 وفي الحاشية: منيب بن مدرك ترجمة البخاري في تاريقه ووابن ابي حاتم ولم يذكرافيه جرحاً ولا تعديلاً.

*Hazrat Muneeb Azdi رضي الله عنه farmate hain ke*: Maine Rasool Allah ﷺ ko apne zamane jahalat mein dekha Aap farma rahe the: Logo! لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ kaho kamiyab hojaoge. Maine dekha ke in mein se koi to Aap ke chehre par thook raha tha aur koi Aap par mithi daal raha tha aur koi Aap ko galiyaan de raha tha (aur yun hi hota raha) yahan tak ke aadha din guzar gaya. Phir ek ladki paani ka piyala le kar aayi jis se Aap ne apne chehre aur dono haathon ko dhuya aur farmaya: Meri Beti! na to tum apne baap ke achanak qatl hone se daro aur na kisi qism ki zilat ka kauf rakho. Maine pocha ye ladki kaun hai? Logaon ne bataya ke Rasool Allah ﷺ ki beti Hazrat Zainab رضي الله عنها hain. Woh ek khoobsurat bachchi thi. [Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

7. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ ﷺ قَالَ: لَمَّا أَنْ أَظْهَرَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ مُحَمَّدًا ﷺ أَرْسَلْتُ إِلَيْهِ أَرْبَعِينَ فَارِسًا مَعَ عَبْدِ شَرٍّ، فَقَدِمُوا عَلَيْهِ بِكِتَابِي، فَقَالَ لَهُ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: عَبْدُ شَرٍّ، قَالَ: بَلْ أَنْتَ عَبْدُ خَيْرٍ، فَبَايَعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ وَكَتَبَ مَعَهُ الْجَوَابَ إِلَى حَوْشَبٍ ذِي ظُلَيْمٍ فَآمَنَ حَوْشَبٌ. الأصابة 382/1

*Hazrat Mohammed Bin Osman apne dada Hazrat Hoshab ﷺ se riwayat karte hain ke* Jab Allah Ta'ala ne Rasool Allah ss ko galba de diya to maine Abd-e-Shar ke saath aap ki khidmat mein chalees sawaron ki ek jamat bheji. Woh mera khat le kar Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein pahunche. Rasool Allah ﷺ ne poocha tumhara naam kya hai? Inhone kaha (mera naam) Abd-e-Shar "yani burai wala hai". *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Nahi balke tum Abd-e-Khair (bhalayi wale) ho ( phir Aap ﷺ ne inhe islam ki dawat di woh musalmaan hogaye) Aap ﷺ ne in ko islam par bait farmaliya. Rawi kehte hain ke Aap ne khat ka jawab likha aur in ke haath Hoshab ko bheja (jis mein islam qabool karne ki dawat thi) Hoshab (is khat ko padh kar) imaan le aaye. [Isabah]

8. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ.

رواه مسلم، بَاب بَيَانِ كَوْنِ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ مِنَ الإِيمَانِ... رقم : 177

*Hazrat Abu Sayeed Khudri ﷺ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye irshaad farmate hue suna:* Jo shakhs tum mein se kisi burai ko dekhe to is ko chahiye ke apne haath se badal de agar (haath se badalne ki) taqat na ho to zuban se is ko badal de aur agar iski bhi taqat na ho to dil se isse bura jaane yani is burai ka dil mein gham ho aur ye imaan ka sab se kamzor darja hai.

[Muslim]

9. عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَثَلُ الْقَائِمِ عَلَى حُدُودِ اللهِ وَالْوَاقِعِ فِيهَا، كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوا عَلَى سَفِينَةٍ، فَأَصَابَ بَعْضُهُمْ أَعْلَاهَا وَبَعْضُهُمْ أَسْفَلَهَا، فَكَانَ الَّذِينَ فِي أَسْفَلِهَا إِذَا اسْتَقَوْا مِنَ الْمَاءِ مَرُّوا عَلَى مَنْ فَوْقَهُمْ، فَقَالُوا: لَوْ أَنَّا خَرَقْنَا فِي نَصِيبِنَا خَرْقًا وَلَمْ نُؤْذِ مَنْ فَوْقَنَا، فَإِنْ يَتْرُكُوهُمْ وَمَا أَرَادُوا هَلَكُوا جَمِيعًا، وَإِنْ أَخَذُوا عَلَى أَيْدِيهِمْ نَجَوْا وَنَجَوْا جَمِيعًا. رواه البخاري، باب هل يقرع في القسمة والاستهام فيه؟ رقم: 2493

*Hazrat Nomaan Bin Basheer* *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya*: Is shakhs ki misaal jo Allah Ta'ala ka farmabardaar hai aur is shakhs ki jo Allah Ta'ala ka na farmaan hai in logaon ki tarah hai (jo ek paani ke jahaz par sawar ho). Qura se jahaz ki manzile muqarar hogayi ho ke baaz log jahaz ke upar ke hisse mein ho aur baaz log neeche ke hisse mein ho. Neeche ki manzil walaon ko jab paani lene ki zarurat hoti hai to woh upar aate hain aur upar ki manzil par baith ne walaon ke paas se guzarte hain. Unhone soncha ke agar hum apne (neeche ke) hisse mein suraaq karlein (taake upar jane ke bajaye suraaq se hi paani le lein) aur apne upar walaon ko takleef na dein (to kya hi achcha ho) ab agar upar wale neeche walaon ko in ke haal par chord dein aur inko inke is iraade se na rokein (aur woh suraaq karle to sab ke sab halaak hojayeinge aur agar woh inke haathon ko pakadh leinge (suraaq nahi karne denge) to woh khud bhi aur dusre tamaam musafir bhi bach jayeinge. [Bukhari]

FAIDA: Is hadees mein duniya ki misaal ek jahaz se di gayi hai. Jis mein sawar log ek dusre ki galti se mutasir hue baghair nahi rehsakte. Saari duniya ke insaan ek qaum ki tarah ek jahaz mein sawar hain. Is jahaz mein farmanbardaar bhi hai aur na farmaan bhi. Agar nafarmani aam hui to is se sirf wahi tabqa mutasir nahi hoga jo is nafarmani mein mubtela hai balke puri qaum puri duniya mutasir hogi. Is liye insaani muashera ko tabahi se bachane keliye zaruri

hai ke Allah Ta'ala ki nafarmaniyon ko roka jaye agar aisa nahi hoga to saara muashera Allah Ta'ala ke azaab mein giraftar hosakta hai.

**10.** عَنِ الْعُرْسِ بْنِ عَمِيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ لَا يُعَذِّبُ الْعَامَّةَ بِعَمَلِ الْخَاصَّةِ، حَتّٰى تَعْمَلَ الْخَاصَّةُ بِعَمَلٍ تَقْدِرُ الْعَامَّةُ أَنْ تُغَيِّرَهُ وَلَا تُغَيِّرُهُ، فَذَاكَ حِيْنَ يَأْذَنُ اللهُ فِيْ هَلَاكِ الْعَامَّةِ وَالْخَاصَّةِ.

رواه الطبراني و رجاله ثقات، مجمع الزوائد 527/7

*Hazrat Urs Bin Ameera ﷺ farmate hain ke Rasool Allah ﷺ ne irshaad farmaya:* Alllah Ta'ala baaz logaon ki galtiyon par sab ko (jo is galti mein mubtela nahi hai) azaab nahi dete albatta sab ko is surat mein azaab dete hain jab ke farmabardaar bawajud khudrat ke nafarmani karne walaon ko na rokein.

[Tibrani, Majma Al-Zawa'id]

**11.** عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ ﷺ (فِيْ حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ) عَنِ الرَّسُوْلِ ﷺ: أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ! قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَإِنَّهُ رُبَّ مُبَلِّغٍ يُبَلِّغُهُ لِمَنْ هُوَ أَوْعٰى لَهُ.

رواه البخاري، باب قول النبي ﷺ لا ترجعوا بعدي كفارا...، رقم: 7078

*Hazrat Abu Bakar ﷺ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne (hujjat-ul-widah ke mauqe par khutba ke aakhir mein) irshaad farmaya:* Kya maine tumhe Allah Ta'ala ke ahkaam nahi pahuncha diye (Sahaba farmate hain) *hum ne arz kiya:* Ji haan! Aap ne pahuncha diye. *Aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Ae Allah aap (in logaon ke iqraar par) gawah hojayein. *Phir aap ﷺ ne irshaad farmaya:* Jo log yahan maujood hain woh in logaon tak pahuncha de jo yahan maujood nahi hai isliye ke basa auqaat deen ki baatein jis ko pahunchayi jayein woh pahunchane waale se zyada yaad rakhne waala hota hai.

[Bukhari]

FAIDA: Is hadees shareef mein is baat ki takeed farmayi gayi hai ke Allah Ta'ala aur unke Rasool Allah ﷺ ki jo baat suni jaye isse sunne waala apni zaat tak mehdood na rakhe balke ise dusre logaon tak pahunchaye mumkin hai woh log isse zyada yaad rakhne waale ho.

12. عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُوشِكَنَّ اللهُ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ ثُمَّ تَدْعُنَّهُ فَلَا يَسْتَجِيبُ لَكُمْ. رواه الترمذي وقال: هذا حديث حسن، باب ما جاء في الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، رقم: 316

*Hazrat Huzaifa Bin Yamaan* ﷺ *farmate hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Qasam hai is zaat ki jiske qabze mein meri jaan hai, tum zaroor امر بالمعروف aur نہی عن المنکر karte raho warna Allah Ta'ala anqareeb tum par apna azaab bhej denge phir tum dua bhi karoge to Allah Ta'ala tumhari dua qubool na karenge.
[Tirmizi]

13. عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ! أَفَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ. رواه البخاري، باب ياجوج وماجوج، رقم: 7135

*Hazrat Zainab Binte Hajash* ﵂ *farmati hai ke maine Rasool Allah* ﷺ *se pochcha:* Ya Rasool Allah kya hum log aisi haalat mein bhi halaak hojayenge jab ke hum mein naik log bhi ho? *Aap* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Haan jab burai aam hojaye. [Bukhari]

14. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ ﷺ فَمَرِضَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ ﷺ يَعُودُهُ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَقَالَ لَهُ: أَسْلِمْ، فَنَظَرَ إِلَى أَبِيهِ، وَهُوَ عِنْدَهُ، فَقَالَ لَهُ: أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ ﷺ فَأَسْلَمَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ.

رواه البخاري، باب إذا أسلم الصبي فمات....، رقم: 1365

*Hazrat Anas* ﷺ *farmate hai ke* ek yahudi ladka Rasool Allah ﷺ ki khidmat kiya karta tha. Woh beemar hogaya to Rasool Allah ﷺ is ki beemar pursi ke liye tashreef le gaye. Aap iske sarhane baith gaye aur farmaya ke musalmaan hojao. Is ne apne baap ko dekha jo wahin tha. Is ne kaha: Abu Qasim ﷺ ki baat maanlo. Chunache woh musalmaan hogaya. Jab Rasool Allah ﷺ bahar tashreef laye to Aap farma rahe the ke tamaam tareefein Allah Ta'ala ke liye hain jinhone is ladke ko (jahanum ki) aag se bacha liya. [Bukhari]

15. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ هَذَا الْخَيْرَ خَزَائِنُ، وَلِتِلْكَ الْخَزَائِنِ مَفَاتِيحُ، فَطُوبَى لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ، وَوَيْلٌ لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ.

رواه ابن ماجه، باب من كان مفتاحا للخير، رقم: 238

*Hazrat Sahel Bin Saad* ﷺ *farmate hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Ye deen ne'maton ke khazane hain. In ne'maton ke khazanon ke liye kunjiyaan hain khush khabri ho is bande ke liye jis ko Allah Ta'ala bhalayi ki chabi (aur) burai ka tala banade yani hidayat ka zariya bana de. Aur tabahi hai is bande keliye jis ko Allah Ta'ala burai ki chabi (aur) bhalayi ka tala banade yani gunmraahi ka zariya bane. [Ibn Ma'jah]

16. عَنْ جَرِيرٍ رضي الله عنه قَالَ: وَلَقَدْ شَكَوْتُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ: إِنِّي لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا.

رواه البخارى، باب من لا يثبت على الخيل 1104/3 دار ابن كثير، دمشق

*Hazrat Jareer* ﷺ *farmate hain ke ek martaba maine Aap* ﷺ *se shikayat ki ke* mai ghode ki sawari achchi tarah nahi karpata to Aap ﷺ ne mere sine par haath maar kar dua di: Ae Allah isse achcha gudh sawar banadijiye aur khud seedhe raste par chalte hue dusraon ko bhi seedha rasta batane wala bana dijiye. [Bukhari]

17. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَا يَحْقِرْ أَحَدُكُمْ نَفْسَهُ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ! كَيْفَ يَحْقِرُ أَحَدُنَا نَفْسَهُ؟ قَالَ: يَرَى أَمْرًا لِلّٰهِ عَلَيْهِ فِيهِ مَقَالٌ، ثُمَّ لَا يَقُولُ فِيهِ، فَيَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَقُولَ فِي كَذَا وَكَذَا؟ فَيَقُولُ: خَشْيَةُ النَّاسِ، فَيَقُولُ: فَإِيَّايَ، كُنْتَ أَحَقَّ أَنْ تَخْشَى.

رواه ابن ماجه، باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، رقم: 4008

*Hazrat Abu Sayeed* ﷺ *riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne irshaad farmaya:* Tum mein se koi apne aap ko ghatiya na samjhe. Sahaba ﷺ ne arz kiya: Apne aap ko ghatiya samajh ne ka kya matlab hai? *Irshaad farmaya:* Koi aisi baat dekhe jis ki

islah ki zimedaari Allah Ta'ala ke taraf se is par ho lekin is muamle mein kuch na bole to Allah Ta'ala is se qayamat ke din farmayenge tumhe kis cheez ne falan falan muamle mein baat karne se roka tha? woh arz karega: Logaon ke darr ki wajha se nahi bola tha ke woh mujhe takleef pahunchaenge. Allah Ta'ala irshaad farmayenge ke Mai is baat ka zyada haqdaar tha ke tum mujh hi se darte. [Ibn Ma'jah]

**FAIDA:** Allah Ta'ala ki taraf se burai ko rokne ki jo zimedaari dali gayi hai logaon ke darr ki wajha se is zimedaari ko pura na karna apne ko ghatiya samjna hai.

